رجسٹرڈ بی سی نمبر 12 — قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
کوئٹہ، اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیرالاشاعت روزنامہ — A.B.C Certified
روزنامہ عوام کوئٹہ
DAILY AWAM QUETTA
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | اتوار | 21 ربیع الثانی 1448ھ | 04 اکتوبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 82

سیاسی مسائل کے حل کیلئے سیاسی عمل موجود ہے حکومت سیاسی لوگوں سے مذاکرات کے لیے ہمہ وقت تیار ہے
جنہوں نے اتنا خون بہایا اور ہتھیار اٹھائے ان سے مذاکرات نہیں ہو سکتے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کو سمجھنے کیلئے اس کی تاریخ، جغرافیہ، سماجی ساخت، سیاسی ارتقا اور موجودہ زمینی حقائق کو ایک مربوط تناظر میں دیکھنا ہوگا، محض مخصوص واقعات یا یک طرفہ بیانیے کی بنیاد پر صوبے کے ماضی اور حال کو سمجھنا ممکن نہیں

بلوچستان کے مسائل کا پائیدار حل مؤثر گورننس، میرٹوکریسی کے فروغ، سیاسی شمولیت، نوجوانوں کے لیے مواقع، معاشی ترقی اور ریاستی رٹ کے مؤثر نفاذ سے جڑا ہے، میر سرفراز بگٹی کا اسلام آباد میں لیکچر کے دوران اظہار خیال

اسلام آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کو سمجھنے کے لیے اس کی تاریخ، جغرافیہ، سماجی ساخت، سیاسی ارتقا اور موجودہ زمینی حقائق کو ایک مربوط تناظر میں دیکھنا ہوگا، محض مخصوص واقعات یا یک طرفہ بیانیے کی بنیاد پر صوبے کے ماضی اور حال کو (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی ملاقات

سکیورٹی صورتحال پر بات چیت، ملاقات تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک جاری رہی

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر داخلہ محسن رضا نقوی نے ملاقات کی، جس میں ملک کی سکیورٹی صورتحال و دیگر امور پر بات چیت ہوئی۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

...اور اپوزیشن کے درمیان مذاکراتی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بیرسٹر گوہر کا وزیر داخلہ سے ملاقات سے متعلق جواب دینے سے گریز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

مذاکرات سے پہلے اپوزیشن وفد کی اہم شخصیت سے ملاقات، ایک گھنٹے جاری رہی

اپوزیشن اتحاد کے ایک وفد کی اہم شخصیت سے ملاقات، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر، علامہ راجہ ناصر عباس اور اسد قیصر شامل تھے

محمود خان اچکزئی کو بھی بذریعہ ٹیلیفون رابطے میں رکھا، اپوزیشن اتحاد نے اس اہم شخصیت سے ملاقات کے بعد اپنے حتمی مطالبات تیار کر لیے

اسلام آباد (این این آئی) حکومتی ٹیم سے مذاکرات سے قبل اپوزیشن اتحاد کے ایک وفد کی اہم شخصیت سے ملاقات ہوئی جس میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر، علامہ راجہ ناصر عباس اور اسد قیصر شامل تھے اور یہ ملاقات ایک گھنٹے تک جاری رہی۔ ذرائع کے مطابق ملاقات (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی ملاقات

بات چیت اور سفارت کاری ہی آگے بڑھنے کا واحد قابل عمل طریقہ ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے خطے میں تناؤ کم کرنے کی کوششوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ بات چیت اور سفارت (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

پوری قوم دہشتگردی کیخلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل تحسین ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

دہشتگردی کیخلاف جنگ اپنے منطقی انجام تک جاری، ملک و صوبے میں امن و استحکام کے قیام کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع واشک کے علاقے گورندر، ماشکیل میں سکیورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردی کی ایک اور کوشش ناکام بنا دی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز عزم (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسلام آباد پالیسی ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں لیکچر کے بعد شرکاء کے سوالات کے جواب دے رہے ہیں

حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات کا دوسرا دور شکووں اور تحفظات کے ساتھ شروع ہوا
پی ٹی آئی نے لانگ مارچ ختم کرنے کیلئے عمران خان سے ملاقات کی شرط رکھ دی

پی پی کا اعتماد کی فضا بحال کرنے کا مطالبہ، امیر مقام نے سہیل آفریدی کے لانگ مارچ سے متعلق ٹویٹ کا معاملہ اٹھا دیا، فریقین کا اعتماد بحال کرنے اور مذاکرات آگے بڑھانے پر زور

اگر مذاکرات کو آگے بڑھانا ہے تو باہمی اعتماد بحال کرنا ہوگا، اپوزیشن اراکین، کھلے دل کے ساتھ مذاکرات میں شریک ہوئے ہیں اور اسے مکمل اختیار حاصل ہے، حکومتی اراکین

اپوزیشن ٹیم نے بھی بعض حکومتی شخصیات کے بیانات پر اعتراضات اٹھائے، محسن نقوی اور رانا ثناء اللہ نے وزیر اعظم سے رابطہ کر کے مذاکرات میں ہونے والی پیش رفت اور فریقین کے مؤقف سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن نے لانگ مارچ کرنے کیلئے بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کی شرط رکھ دی۔ ہفتے کو حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات کا دوسرا دور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی سربراہی میں ہوا۔ مذاکرات میں حکومت کی جانب سے وفاقی (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (آن لائن) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کے دوسرے دور کا آغاز باہمی شکووں اور تحفظات کے اظہار سے ہوا۔ ذرائع کے مطابق حکومتی ٹیم نے خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے حالیہ بیان اور لانگ مارچ سے متعلق اعلان پر تحفظات کا (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت بین الوزارتی اجلاس

پاکستان۔ بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ہفتہ کو پاکستان۔ بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن (جے ایم سی) کے تیسرے اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے بین الوزارتی اجلاس کی صدارت کی جس کی وہ اپنے بحرینی ہم منصب کے ساتھ مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سیکرٹری (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

آئین و قانون کی بالادستی اور عدلیہ کی آزادی کی بحالی تک جدوجہد جاری رہے گی، سہیل آفریدی

پاکستان جمہوری ملک ہے اور آئین پر امن احتجاج کا حق دیتا ہے، پی ٹی آئی کے تمام مطالبات آئین اور قانون کے مطابق ہیں

دہشتگردی سے پاکستان کا ہر شہری متاثر ہے، صوبائی اسمبلی کے جرگے میں سیاسی و مذہبی جماعتوں کے دستخط موجود ہیں، وزیر اعلیٰ کے پی کے

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ پاکستان جمہوری ملک ہے اور آئین پر امن احتجاج کا حق دیتا ہے، پی ٹی آئی کے تمام مطالبات آئین و قانون کی بالادستی اور آزاد عدلیہ کی بحالی تک جدوجہد جاری رہیگی۔ میڈیا سے گفتگو میں سہیل آفریدی نے کہا کہ پی ٹی آئی کے تمام مطالبات آئین اور قانون کے مطابق ہیں، دہشتگردی سے پاکستان کا ہر شہری متاثر ہے، صوبائی اسمبلی کے جرگے میں سیاسی و مذہبی جماعتوں کے دستخط موجود (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسلام آباد پالیسی ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں تفویض کردہ موضوع پر اظہار خیال کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 11 دہشتگرد ہلاک
بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد

جنوبی وزیرستان میں انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی میں فتنہ الخوارج سے وابستہ 5 دہشت گرد ہلاک، دہشت گردوں کے ٹھکانے تباہ

گورندر، ماشکیل میں بھی سکیورٹی فورسز کارروائی، فتنہ الہندوستان سے وابستہ 6 دہشت گرد جہنم واصل، دہشتگردوں کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم

اسلام آباد (آن لائن) خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں سکیورٹی فورسز نے دہشت گرد عناصر کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 11 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق یہ کارروائیاں عزم استحکام ویژن اور آپریشن رد الفتنہ 3 کے تحت کی گئیں، جن میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا جبکہ بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق جنوبی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کارروائی کی، جس کے دوران فتنہ الخوارج سے وابستہ 5 دہشت گرد (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

عسکری و سیاسی قیادت نے دھرنے، مارچ اسلام آباد سے دور رکھنے کا فیصلہ کر لیا، رانا ثناء اللہ

پی ٹی آئی کو مطالبات کیلئے احتجاج ہی کرنا ہے تو پشاور اور مردان میں کرے، اگر کسی کو کوئی مسئلہ ہے تو وہ پشاور، کراچی، لاہور میں احتجاج کرے

مذاکرات سے مقتدرہ کو کوئی سروکار نہیں، صدر اور وزیر اعظم نے مذاکرات کیلئے بھیجا ہے تو مقتدرہ کو آن بورڈ لیا گیا ہوگا، مشیر وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ عسکری اور سیاسی قیادت نے طے کیا ہے کہ دھرنے، لانگ مارچ اسلام آباد سے دور ہونے چاہئیں۔ وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کو مطالبات کیلئے احتجاج ہی کرنا ہے تو پشاور اور مردان میں کرے، اگر کسی کو کوئی مسئلہ ہے تو وہ پشاور، کراچی، لاہور میں احتجاج کرے۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

یمن میں لڑائی شدت اختیار کر گئی، 1540 حوثی جنگجو ہلاک و زخمی

اتحاد نے جنوبی سعودی عرب کی جانب داغے گئے 3 بیلسٹک میزائل روک لیے

صنعا (این این آئی) یمن بھر میں حکومتی افواج اور حوثی جنگجوؤں کے درمیان لڑائی شدت اختیار کر گئی ہے۔ یمنی مسلح افواج کا دعویٰ ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 474 حملوں میں 1,540 حوثی جنگجو ہلاک یا زخمی ہوئے جبکہ سعودی قیادت میں اتحاد نے جنوبی (بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر)

جموں و کشمیر کبھی بھارت کا اٹوٹ انگ تھا، نہ ہے اور نہ ہوگا، پاکستان

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے فرسٹ سیکرٹری سرفراز احمد نے دوٹوک کہا ہے کہ جموں و کشمیر کبھی بھارت کا اٹوٹ انگ تھا، نہ ہے اور نہ ہوگا۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کی تیسری کمیٹی میں بھارتی نمائندے کے بیان پر حق جواب استعمال کرتے ہوئے فرسٹ سیکرٹری سرفراز احمد نے کہا کہ جموں و کشمیر بھارت کا داخلی معاملہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر (بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ ملاقات کر رہی ہیں

اسلام آباد: نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار پاکستان۔ بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کا ممکنہ لانگ مارچ، اسلام آباد و پنجاب میں رینجرز تعیناتی میں توسیع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے ممکنہ لانگ مارچ کے پیش نظر حکومت نے سکیورٹی اقدامات کے تحت رینجرز کی تعیناتی کی توسیع کر دی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے اسلام آباد اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں رینجرز کی تعیناتی میں 15 اکتوبر 2026 تک کی توسیع کر دی۔ ذرائع کے مطابق تعیناتی اسلام آباد اور محکمہ (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

لوئر دیر، پراسرار بخار سے 10 افراد جاں بحق، محکمہ صحت کی ٹیمیں متاثرہ علاقوں میں پہنچ گئیں

گزشتہ 2 ہفتوں کے دوران 10 سے زائد افراد کے جاں بحق ہونے کی اطلاعات ہیں، رپورٹ

لوئر دیر (این این آئی) لوئر دیر میں آدینزئی کے دور افتادہ علاقوں یونین کونسل اسبنڑ اور یونین کونسل خانپور کے بریکئی، شادم اور شورٹنگ میں پراسرار بخار سے مجموعی طور پر 10 افراد جاں بحق ہو گئے، درجنوں متاثرہ افراد کو پشاور، سوات اور دیگر ہسپتالوں میں منتقل کیا (بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر)

غیر ملکی یا دوہری شہریت ظاہر نہ کرنے والے سول سرونٹس کو ایک ہفتے کی مہلت

ڈیکلریشن جمع کرانے کی ہدایت کر دی، بصورت دیگر ان کے خلاف محکمانہ کارروائی کی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے اپنی یا زیر کفالت افراد کی غیر ملکی یا دوہری شہریت ظاہر نہ کرنے والے سرکاری افسران کو ایک ہفتے کے اندر مطلوبہ ڈیکلریشن جمع کرانے کی ہدایت کر دی، بصورت دیگر ان کے خلاف محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔ اسٹیبلشمنٹ (بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر)

بیدیاں سیکٹر میں بی ایس ایف کی فائرنگ، 2 پاکستانی شہری شہید، بھارتی ناظم الامور دفتر خارجہ طلب

بھارت تحقیقات کے نتائج اور ذمے داروں کے خلاف کارروائی سے پاکستان کو آگاہ کرے، ترجمان دفتر خارجہ

بنیادی انسانی حقوق اور بین الاقوامی قوانین کا احترام یقینی بنائے اور سرحدی معاملات میں زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کرے

اسلام آباد (این این آئی) بیدیاں سیکٹر میں بھارتی بارڈر سکیورٹی فورس کے اہلکاروں کی فائرنگ سے 2 پاکستانی شہریوں کی شہادت پر پاکستان نے بھارتی ناظم الامور کو طلب کر کے واقعے پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ نہتے شہریوں پر بھارتی فورسز کی فائرنگ بلاجواز ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے شہید ہونے والے شہریوں کو دانستہ قرار دینے کی بھارتی کوشش مسترد کرتے ہوئے کہا کہ واقعہ (بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر)

آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری، ریاستی ملکیتی اداروں سے متعلق 2023 کی پالیسی میں ترمیم کا فیصلہ

پالیسی میں ترامیم کا مقصد سرکاری ملکیتی اداروں کے مالی نظم و نسق، شفافیت اور احتساب کے نظام کو عالمی معیار کے مطابق بنانا ہے، وفاقی حکومت

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی پالیسی پر عمل کرنا ہوگا، سرکاری اداروں کو انٹرنیشنل فنانشل رپورٹنگ اسٹینڈرڈز پر عمل کرنا ہوگا، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری کرتے ہوئے ریاستی ملکیتی اداروں سے متعلق 2023 کی پالیسی میں اہم ترامیم کا فیصلہ کر لیا، جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ ترمیم شدہ پالیسی کے تحت تمام سرکاری اداروں کو انٹرنیشنل فنانشل رپورٹنگ اسٹینڈرڈز کے مطابق حساب کتاب رکھنے کا پابند قرار دیا گیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق تمام سرکاری اداروں کو ونوں آڈٹ (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار آزاد جموں و کشمیر میں ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایمرجنسی وغیرہ لگ جاتی تو میں اکیلا ہی کافی ہوں، گورنر خیبر پختونخوا

صوبہ بچانے کے لیے ایمرجنسی لگانا پڑی تو ضرور لگائیں گے، فیصل کریم کنڈی کی گفتگو

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ ایمرجنسی وغیرہ لگ جاتی تو میں اکیلا ہی ان کیلئے کافی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کرے بہتر ہو لیکن میں اتنا پرامید نہیں ہوں۔ جب صوبے کے... ایک انٹرویو (بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت نے اہم بنیاد قائم کی جو بڑی کامیابی ہے، رضوان سعید شیخ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت نے ایک اہم ترین بنیاد قائم کی ہے جو ایک بڑی کامیابی ہے (بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے وزارت خارجہ کی مسجد کی توسیع کا سنگ بنیاد رکھ دیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے وزارت خارجہ کی مسجد کی توسیع کا سنگ بنیاد رکھ دیا، مسجد کی توسیع کا مقصد نمازیوں کی گنجائش میں (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں تجارتی خسارہ 8.10 ارب ڈالر ریکارڈ

اگست 2026 کے مقابلے میں ستمبر میں برآمدات 16 فیصد جبکہ درآمدات 11 فیصد بڑھیں

اسلام آباد (این این آئی) رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں تجارتی خسارہ 10.8 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا، ادارہ شماریات کے مطابق جولائی سے ستمبر کے دوران گزشتہ مالی سال کی نسبت تجارتی خسارے میں تقریباً 15 فیصد اضافہ ہوا (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

سرپلس 2 لاکھ ٹن چینی برآمد کرنے کا طریقہ کار طے

چینی کی برآمد ایل سی ایٹ سائٹ یا ایڈوانس پیمنٹ پر ہوگی، وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے ملک سے سرپلس 2 لاکھ ٹن چینی برآمد کا طریقہ کار طے کر لیا۔ وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی نے چینی کی برآمد سے متعلق فیصلوں پر اسٹیٹ بینک کو مراسلہ تحریر کرتے ہوئے کہا ہے کہ چینی برآمد پر شپمنٹ کی کوئی ڈیڈ لائن نہیں ہوگی۔ (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

سیاسی جدوجہد کے پردے میں ٹی ٹی پی کی مسلح بغاوت کو ملک کی سالمیت پر حملہ تصور کیا جائے گا، خواجہ آصف

صوبائی حکومت کو قیادت کی مکمل حمایت حاصل ہے، لانگ مارچ میں ٹی ٹی پی کے عنصر سے تعاون کا منصوبہ ہے

لانگ مارچ کے دوران فوجی یا پولیس تنصیبات کے قریب افراتفری پھیلانے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے، وزیر دفاع کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے لانگ مارچ کے ذریعے بدامنی پھیلانے کا منصوبہ بنا لیا۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایکس پر لکھا کہ خیبر پختونخوا حکومت نے آنے والے لانگ مارچ... صوبائی حکومت کو قیادت کی مکمل حمایت حاصل ہے، (بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم کی ہدایت پر صومالیہ میں جاں بحق پاکستانی کی میتیں وطن واپسی کیلئے ادیس ابابا پہنچ گئیں

جاں بحق پاکستانی شہریوں کی میتیں کراچی منتقل کرنے کی تیاریاں جاری، ایتھوپین ایئرلائنز کی حتمی منظوری کا انتظار

شہباز شریف کی ہدایت پر میتوں کی پاکستان منتقلی کا عمل تیز، متعلقہ حکام مسلسل رابطے میں

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر صومالیہ میں جاں بحق ہونے والے پاکستانی شہریوں کی میتیں وطن واپس لانے کے لیے انتظامات تیزی سے جاری ہیں۔ اس سلسلے میں جاں بحق پاکستانی شہریوں کی میتیں صومالیہ سے ایتھوپیا کے دارالحکومت ادیس ابابا پہنچ گئی ہیں، جہاں سے انہیں کراچی منتقل کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ادیس ابابا پہنچنے کے بعد ایتھوپین ایئرلائنز کی متعلقہ عملے (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کی زیر صدارت اجلاس

ریلوے کے تمام ورکشاپس، یارڈز میں جدید سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے سامان کی ترسیل میں تاخیر کرنے والے نجی وینڈرز کو فوری طور پر بلیک لسٹ کرنے اور ریلوے کے تمام ورکشاپس و یارڈز میں جدید سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے کے ساتھ نجی سکیورٹی تعینات کرنے کی (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

لاڑکانہ میں فائرنگ سے باپ اور 3 بیٹوں سمیت 5 افراد جاں بحق

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کا نوٹس، رپورٹ طلب کر لی

لاڑکانہ / کراچی (این این آئی) لاڑکانہ میں فائرنگ سے باپ اور 3 بیٹوں سمیت 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ رتوڈیرو کے جیکب آباد روڈ پر پیش آیا جہاں نامعلوم مسلح ملزمان نے اندھا دھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں 5 (بقیہ نمبر 71 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی اور کالعدم ٹی ٹی پی ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں، اختیار ولی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے کوآرڈی نیٹر برائے اطلاعات خیبر پختونخوا اختیار ولی خان نے الزام عائد کیا ہے کہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان اور پاکستان (بقیہ نمبر 72 صفحہ 3 پر)

گرین پاکستان انیشیٹو: بلوچستان میں 1,147 ایکڑ بنجر زمین قابل کاشت

گرین پاکستان انیشیٹو کے تحت بنجر زمینوں کی بحالی بلوچستان میں زرعی ترقی کے نئے راستے کھول رہی ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) گرین پاکستان انیشیٹو کے تحت بلوچستان میں بنجر زمینوں کی زرعی بحالی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ جھل جھاؤ آواران میں 1 ہزار 147 ایکڑ بنجر زمین کو قابل کاشت بنا دیا گیا، جس کے بعد علاقے میں مختلف فصلوں کی کاشت شروع ہو گئی ہے۔ زرعی بحالی کے (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

سیاسی و سکیورٹی صورتحال کا حل آئینی راستوں سے نکالا جائے، بلاول بھٹو

تمام سیاسی جماعتوں کو مل کر دہشت گردی کے خلاف مؤثر اور مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

پیپلز پارٹی کی رائے ہے کہ کسی اقدام سے قبل تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر سیاسی حل تلاش کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے، تقریب سے خطاب

کراچی (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ موجودہ سیاسی اور سکیورٹی صورتحال کا حل آئینی راستوں سے تلاش کیا جانا چاہیے، جبکہ تمام سیاسی جماعتوں کو مل کر دہشت گردی کے خلاف مؤثر اور مشترکہ حکمت عملی (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

لاہور: وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پشاور، خیبر ٹیچنگ ہسپتال نے روبوٹک سرجری کے میدان میں اہم سنگ میل عبور کر لیا

پشاور (این این آئی) خیبر ٹیچنگ ہسپتال پشاور کے شعبہ آرتھوپیڈک نے ملک میں سرکاری ہسپتال کی سطح پر پہلی مرتبہ روبوٹک گھٹنے کی تبدیلی کی کامیاب سرجری انجام دے کر ایک تاریخی سنگ میل عبور کر لیا۔ خیبر ٹیچنگ ہسپتال پشاور میں منفرد اور جدید سرجری چیئرمین شعبہ آرتھوپیڈک پروفیسر ڈاکٹر محمد سراج کی سربراہی (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

مقبوضہ کشمیر میں مظالم کا سلسلہ جاری، مودی حکومت عالمی تنقید کی زد میں

عمر عبداللہ نے مودی کو بھارت میں نوجوانوں کے بڑھتے احتجاج سے خبردار کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) عالمی جریدہ نے مقبوضہ کشمیر کی ریاستی حیثیت، مقامی حکومت اور پر امن احتجاج کے حق پر سوال اٹھا دیئے۔ عالمی جریدہ دی ڈپلومیٹ کے مطابق وزیر اعلیٰ مقبوضہ کشمیر عمر عبداللہ نے مودی کو بھارت میں نوجوانوں کے بڑھتے احتجاج سے خبردار (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پولی تھین بیگز پر مکمل پابندی عائد ہے، ضلعی انتظامیہ

پابندی کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائیوں اور بڑے کریک ڈاؤن کا آغاز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پولی تھین بیگز پر مکمل پابندی عائد ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق پابندی کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائیوں اور بڑے کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا گیا ہے، کارروائیاں (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

افغانستان میں طالبان مخالف مزاحمتی کارروائیوں میں تیزی، ستمبر میں 68 حملوں کا دعویٰ

مختلف افغان صوبوں میں طالبان کی سکیورٹی، انٹیلی جنس اور انتظامی تنصیبات کو نشانہ بنانے کی اطلاعات

مزاحمتی گروپوں نے متعدد اہلکاروں کی ہلاکت اور زخمی ہونے کا دعویٰ کر دیا، کارروائیاں جاری رکھنے کا اعلان

کابل (آن لائن) افغانستان میں طالبان حکومت کے خلاف سرگرم مزاحمتی گروپوں نے مختلف صوبوں میں حملوں کو سلسلہ تیز کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق ستمبر 2026 کے دوران طالبان اہلکاروں کے خلاف 68 کارروائیاں (بقیہ نمبر 73 صفحہ 3 پر)

کراچی، شہری سے 58 لاکھ روپے سے زائد چھیننے کی واردات میں ملوث مبینہ ڈاکو گرفتار

کراچی (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کراچی کے علاقے شیرشاہ میں پولیس نے 4 روز قبل شہری سے 58 لاکھ 75 ہزار روپے چھیننے کی واردات میں ملوث ایک ڈاکو مبینہ مقابلے کے دوران زخمی حالت میں گرفتار کر لیا اور ان کے قبضے سے 13 لاکھ روپے نقدی اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ ترجمان ڈسٹرکٹ کیماڑی پولیس کے مطابق شیرشاہ پولیس کو ہفتے کی علی الصبح پراچہ قبرستان کے (بقیہ نمبر 74 صفحہ 3 پر)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اسپین کے سفیر کارلوس اور گون گل ڈی لاس مالا ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ عوام
081-2832244 · 081-2822255 · 051-2890437 · 051-2890427 · 32755 · 32266
اتوار 04 اکتوبر 2026ء

ٹکٹ ہولڈرز

[illegible]

تحریر نسیم شاہد

[illegible]

پاکستان کا قیام، برطانیہ کا منصوبہ یا مسلمانوں کی جدوجہد؟

تحریر۔ پروفیسر ڈاکٹر مجیب حسین

[illegible]

وقت تک کسی نہ کسی صورت میں ہندوستان کی وحدت برقرار رکھنے کی کوشش کرتا رہا؛ تقسیم اس وقت سامنے آئی جب مسلم لیگ کے مطالبہ پاکستان، مسلمانوں کی انتخابی قوت اور کانگریس و مسلم لیگ کے درمیان آئینی اختلاف نے متحدہ ہندوستان کے منصوبے کو عملاً ناکام بنا دیا۔

[illegible] 1946ء میں ایسا کابینہ مشن کیوں بھیجا جس کا مقصد خود کرنے کے بجائے ہندوستانیوں کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کے قابل بنانے کے لیے کابینہ مشن بھیج رہی ہے۔ یہاں ایک بنیادی سوال پیدا ہوتا ہے اگر برطانیہ پاکستان بنانا چاہتا تھا تو پھر اس نے

[illegible] قائداعظم کی کامیابی کا اصل راز یہی تھا کہ انہوں نے پاکستان کے مطالبے کو محض جذباتی نعرہ نہیں رہنے دیا بلکہ اسے آئینی اور انتخابی مسئلہ بنا دیا۔ 1946ء کے انتخابات کے بعد برطانوی حکومت کے لیے مسلم لیگ کو نظرانداز کرنا پہلے سے کہیں زیادہ مشکل ہو گیا۔ دوسری

یہ بیان قیامِ پاکستان کی تاریخ میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ اس میں برطانوی وزیراعظم خود بتا رہے ہیں کہ تقسیم ان کی پہلی ترجیح نہیں تھی؛ ان کی پہلی امید ایک مشترکہ آئینی بندوبست تھا، جو ناکام ہو گیا۔ حتیٰ کہ 3 جون کے منصوبے میں بھی برطانوی حکومت [illegible] جماعتوں کے مختلف حلقوں کی بات ہو رہی ہے، اور وہ بھی اس وقت جب پاکستان کا قیام چند ہفتوں کی دوری پر تھا۔ اسی بحث میں وزیراعظم ایٹلی نے بھی تقسیم کے خطرات کی طرف توجہ دلائی۔ انہوں نے پنجاب اور بنگال کی تقسیم کو انتہائی نازک اور خطرناک عمل قرار دیا اور کہا کہ تقسیم کوئی صاف اور [illegible] 1946ء کے مذاکرات نے اسے ہندوستان کے آئینی مستقبل کا مرکزی سوال بنا دیا۔ جب متحدہ ہندوستان کے لیے آخری بڑے برطانوی آئینی منصوبے بھی ناکام ہو گئے تو تقسیم وہ راستہ بن گئی جسے برطانیہ نے ابتدا میں پسند نہیں کیا تھا مگر بالآخر قبول کرنا پڑا۔

آرٹیکل 232 کی ایمرجنسی: آئینی حد، طریقہ کار، وفاقی اختیارات اور مدت

تحریر۔ حافظ احسان احمد کھوکھر

(گزشتہ سے پیوستہ)

''ایمرجنسی'' سمجھنا آئینی اعتبار سے درست نہیں ہوگا۔ (آرٹیکل 235: مالیاتی بحران کے لیے الگ راستہ) آئین نے مالیاتی بحران کے لیے بھی الگ آئینی mechanism فراہم کیا ہے۔ اگر پاکستان یا اس کے کسی حصے کی مالی استحکام یا credit کو خطرہ لاحق ہو تو آرٹیکل 235 کے تحت مالیاتی ایمرجنسی کا طریقہ اختیار کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے ہر سنگین بحران کا قانونی حل آرٹیکل 232 نہیں۔ آئین نے بحران کی نوعیت کے مطابق مختلف آئینی راستے فراہم کیے ہیں۔ آرٹیکل 232: جنگ، بیرونی جارحیت یا صوبائی حکومت کے قابو سے باہر سنگین اندرونی خلفشار۔ آرٹیکل 233: آرٹیکل 232 کی ایمرجنسی کے دوران بعض بنیادی حقوق اور متعلقہ قانونی اثرات۔ (آرٹیکل 234: صوبائی آئینی مشینری کی ناکامی، آرٹیکل 235: مالیاتی ایمرجنسی، آرٹیکل 245: سول انتظامیہ کی مدد کے لیے مسلح افواج کا استعمال۔ (آرٹیکل 236: Proclamation میں تبدیلی یا منسوخی) آرٹیکل 236 کے تحت XPart کے تحت جاری Proclamation یا Order کو بعد کے Proclamation یا Order کے ذریعے تبدیل یا منسوخ کیا جا سکتا ہے۔ آئین اس کے ساتھ عدالتی چیلنج کے حوالے سے بھی ایک مخصوص barconstitutiona فراہم کرتا ہے۔ تاہم اس کا یہ مطلب نہیں کہ آئین میں جہاں پارلیمانی منظوری لازم قرار دی گئی ہے وہاں پارلیمنٹ کا کردار ختم ہو جاتا ہے۔ ایمرجنسی کے دوران بھی وہ تمام آئینی safeguards اپنی جگہ رہتے ہیں جو خود آئین نے مقرر کیے ہیں۔ (بھارت اور کینیڈا: تقابلی آئینی تناظر) وفاقی نظاموں میں وفاق اور صوبائی یا ریاستی حکومتوں کے درمیان ہنگامی اختیارات کا سوال صرف پاکستان تک محدود نہیں۔ بھارت کے آئین کا آرٹیکل 355 وفاق پر ریاستوں کو بیرونی جارحیت اور اندرونی خلفشار سے تحفظ دینے کی ذمہ داری عائد کرتا ہے، جبکہ آرٹیکل 356 اس صورتحال سے متعلق ہے جب کسی ریاست کی حکومت آئین کے مطابق نہیں چلائی جا سکتی۔ کینیڈا کے ActEmergencies میں بھی قومی ایمرجنسی کے بعض تصورات ایسے حالات سے متعلق ہیں جہاں صوبائی سطح پر موجود صلاحیت یا اختیار صورتحال سے نمٹنے کے لیے ناکافی ہو۔ تاہم وہاں بھی ہنگامی اختیارات کو عارضی، مخصوص اور پارلیمانی نگرانی سے منسلک رکھا گیا ہے۔ یہ تقابلی مثالیں اس بنیادی اصول کو واضح کرتی ہیں کہ وفاقی نظام میں صوبائی خودمختاری اور وفاقی آئینی ذمہ داری کے درمیان توازن قائم کرنا ایک مستقل آئینی چیلنج ہے۔ (اصل آئینی سوال کیا ہے؟) آرٹیکل 232 کے نفاذ کے معاملے میں اصل سوال یہ نہیں کہ وفاق اور صوبائی حکومت کے درمیان سیاسی اختلاف ہے یا نہیں۔ یہ بھی کافی نہیں کہ کسی صوبے میں احتجاج، سیاسی کشیدگی یا امن و امان کا مسئلہ پیدا ہو گیا ہے۔ اصل سوال یہ ہے: کیا ایسی سنگین ہنگامی صورتِ حال موجود ہے جس میں اندرونی خلفشار صوبائی حکومت کی کنٹرول کرنے کی طاقت سے واقعی باہر ہو چکا ہے؟ اگر جواب آئینی شواہد کی بنیاد پر ''ہاں'' ہو تو اگلا سوال طریقِ کار کا ہوگا: کیا متعلقہ آئینی شرائط پوری کی گئی ہیں؟ کیا Proclamation درست طریقے سے جاری ہوا؟ کیا پارلیمنٹ کے سامنے مقررہ مدت میں پیش کیا گیا؟ کیا مطلوبہ منظوری حاصل ہوئی؟ اور کیا وفاقی حکومت نے اپنے اختیارات Proclamation اور آئین کی مقررہ حدود کے اندر استعمال کیے؟ نتیجہ: نہ صوبائی خودمختاری مطلق، نہ وفاقی اختیار بے حد۔ پاکستان کا آئینی ڈھانچہ دو انتہاؤں کو قبول نہیں کرتا۔ ایک طرف صوبائی خودمختاری وفاق کی آئینی ذمہ داریوں سے بچنے کا ذریعہ نہیں بن سکتی۔ دوسری طرف وفاقی اختیار بھی محض سیاسی اختلاف یا انتظامی مشکلات کی بنیاد پر صوبائی حکومت کا مستقل متبادل نہیں بن سکتا۔ آرٹیکل 232 ایک غیر معمولی آئینی mechanism ہے جس کا استعمال اس وقت متعلقہ ہوتا ہے جب آئین میں بیان کردہ سخت threshold پورا ہو۔ اس کے بعد بھی وفاقی اختیار آئین سے بالاتر نہیں ہو جاتا۔ Proclamation، پارلیمانی منظوری، وفاقی Orders، قانون سازی، بنیادی حقوق، ہائی کورٹ کا آئینی تحفظ اور دیگر safeguardsconstitutional اپنی اپنی حدود میں برقرار رہتے ہیں۔ چنانچہ آرٹیکل 232 کی قانونی حیثیت کا فیصلہ سیاسی خواہش یا محض سیاسی بیانیے سے نہیں بلکہ آئینی متن، زمینی حقائق، صوبائی حکومت کی حقیقی capacity، دستیاب شواہد، مقررہ طریقِ کار، پارلیمانی منظوری اور آئینی حدود کی روشنی میں ہونا چاہیے۔ آخر کار آئین کا بنیادی اصول یہی ہے کہ صوبائی خودمختاری کا تحفظ اور وفاق کی آئینی ذمہ داری ایک دوسرے کی نفی نہیں بلکہ ایک ہی وفاقی آئینی نظام کے دو لازم و ملزوم پہلو ہیں۔ آرٹیکل 232 اسی توازن کو غیر معمولی حالات میں برقرار رکھنے کا آئینی راستہ فراہم کرتا ہے۔

☆☆☆☆

سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولتوں کی فراہمی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صحت کے شعبہ میں جاری اصلاحات کا بنیادی مقصد صوبے کے عوام کو علاج معالجہ کے لئے دیگر شہروں کا رخ کرنے سے نجات دلانا ہے، سرکاری ہسپتالوں میں جدید طبی سہولتوں کی فراہمی اور علاج کے معیار میں بہتری کے لئے اقدامات جاری رہیں گے، حکومت کی کوشش ہے کہ صوبہ کے بڑے ہسپتالوں میں ایسے طبی مراکز اور سہولیات دستیاب ہوں، جہاں پیچیدہ امراض کا علاج بھی مقامی سطح پر ممکن بنایا جا سکے، حکومت سرکاری ہسپتالوں پر عوام کے اعتماد کو بحال کرنے کے لئے اقدامات کر رہی ہے، حکومت ڈاکٹرز اور طبی عملہ کو مناسب تنخواہیں، الاؤنسز اور دیگر مراعات فراہم کر رہی ہے، اس کے باوجود سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹر اور طبی عملے کی کارکردگی سوالیہ نشان ہے، مریضوں کو توجہ نہیں ملتی اس سے وہ پرائیویٹ ہسپتالوں اور کلینکس میں جا کر مہنگا علاج کرانے پر مجبور ہیں، ہم یہ کہنا چاہیں گے کہ اکثر نجی ہسپتالوں کی کارکردگی بھی بہتر نہیں ہے، وہاں صفائی کا نظام اور جدید مشینری بھی دستیاب نہیں، لیکن مریضوں کا اعتماد سرکاری ہسپتالوں سے اٹھ چکا ہے، موجودہ حکومت کی جانب سے شعبوں میں اصلاحات لانے کا سلسلہ جاری ہے، جس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں، وزیراعلیٰ کا کہنا ہے کہ صحت کے شعبہ کی بہتری ایک مسلسل عمل ہے، حکومت دستیاب وسائل کو عوام کو بہتر طبی سہولتیں فراہم کرنے کے لئے بروئے کار لا رہی ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو بہتر علاج معالجہ مہیا کیا جائے تو وہ پرائیویٹ ہسپتالوں کا رخ نہیں کریں گے، اس مقصد کے لئے مزید اقدامات کرنے ہوں گے۔

بغیر لائسنس کے گاڑیاں و موٹر سائیکلیں

موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کے مالکان کے لائسنس کے بغیر موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں چلانے سے حادثات رونما ہو رہے ہیں، ہم ٹریفک پولیس کے حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ لائسنس کے بغیر موٹر سائیکلیں و گاڑیاں چلانے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے۔

کھیلوں کی دنیا

انچارج شجاع

روزنامہ عوام — MEMBER OF APNS — ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چھٹا آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ ٹورنامنٹ کے سلسلے میں ناصر رالیون کلب لورالائی کلب اور ریڈ افغان کوئٹہ کے درمیان میچ کھیلا جا رہا ہے

راولپنڈی کرکٹ میچز، سکیورٹی اور دیگر انتظامات میں کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا: کمشنر

راول پارک اور سیٹلائٹ ٹاؤن کالج میں پارکنگ، شٹل سروس، 200 اضافی کیمرے اور خصوصی کنٹرول روم قائم؛ بجلی، طبی امداد اور فائر بریگیڈ کے انتظامات بھی مکمل

اسٹیڈیم کے قریب ابتدائی طبی امداد کی ایمبولنس اور فائر بریگیڈ کی گاڑی بھی ہمہ وقت موجود رہیں گی۔ کرکٹ سٹیڈیم کی صفائی ستھرائی کے لیے راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا عملہ بھی خصوصی ڈیوٹی انجام دے گا

راولپنڈی (آن لائن) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی اور سہ فریقی ایک روزہ سیریز کے میچز کے حوالے سے تمام انتظامات میں کسی قسم کی غفلت یا سمجھوتہ نہ کرنے کی ہدایت کر دی۔ انہوں نے یہ ہدایات راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں میچز کی سکیورٹی اور دیگر انتظامی امور سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے دیں۔ اجلاس میں پی ایس ایل حکام، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن، ایس ایس پی آپریشنز، ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ کمشنر سلمان غنی نے کہا کہ 4 اکتوبر سے 13 نومبر 2026 تک راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں ہونے والے میچز کے لیے انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، جبکہ سکیورٹی سمیت دیگر انتظامی امور کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے تاکہ مہمان کھلاڑیوں کو پاکستان کی مہمان نوازی، امن پسندی اور مثبت طرز عمل کا عملی تجربہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی کرکٹ کے انعقاد کے دوران شہریوں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ قومی مفاد کے پیش نظر قانون نافذ کرنے والے اداروں سے بھرپور تعاون کریں اور نظم و ضبط کا مظاہرہ کریں۔ کمشنر نے بتایا کہ کرکٹ سٹیڈیم سے ملحقہ فوڈ سٹریٹ کو 3 اکتوبر سے مکمل طور پر بند کر دیا گیا ہے۔ ڈبل روڈ اور سٹیڈیم کے اطراف موجود سڑکوں کی مرمت کا کام مکمل کر لیا گیا ہے، جبکہ میچز کے روٹس پر نصب تمام اسٹریٹ لائٹس کی بھی مرمت کر دی گئی ہے۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ضلعی انتظامیہ نے تمام متعلقہ اداروں کے تعاون سے سکیورٹی کے جامع انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ سٹیڈیم میں واک تھرو گیٹس، نگرانی کے کیمرے اور داخلی راستے پر نادرا تصدیقی کاؤنٹر قائم کیا گیا ہے، جبکہ راستوں سے تجاوزات کا خاتمہ بھی یقینی بنایا گیا ہے۔ بریفنگ کے مطابق انتظامات کی نگرانی کے لیے سپورٹس کمپلیکس میں خصوصی کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے، جبکہ سیف سٹی کے کیمروں کے علاوہ مزید 200 کیمرے بھی نصب کیے جائیں گے۔ پی کے ایل آئی میں 30 بستروں پر مشتمل ہنگامی طبی مرکز قائم کیا گیا ہے۔ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے تماشائیوں کی گاڑیوں کے لیے راول پارک کے کھلے حصے اور سیٹلائٹ ٹاؤن کالج میں پارکنگ کا انتظام کیا گیا ہے۔

پاکستان ویمنز ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا کا بگ بیش لیگ کیلئے معاہدہ

ندا ڈار کے بعد فاطمہ ثنا یہ لیگ کھیلنے والی دوسری پاکستانی ویمن کرکٹرز بن جائیں گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا کا ویمنز بگ بیش لیگ کے لیے معاہدہ ہو گیا، پرتھ اسکارچرز نے انہیں اپنے اسکواڈ میں شامل کر لیا۔ فاطمہ ثنا پہلی بار ویمنز بگ بیش لیگ میں ایکشن میں نظر آئیں گی۔ ندا ڈار کے بعد فاطمہ ثنا یہ لیگ کھیلنے والی دوسری پاکستانی ویمن کرکٹر بن جائیں گی۔ فاطمہ ثنا رواں سال دی ہنڈرڈ اور کینیڈا سپر 60 ٹورنامنٹ کھیلنے والی پہلی پاکستانی ویمن کرکٹر بھی بن چکی ہیں۔ ویمنز بگ بیش لیگ کا نیا سیزن 29 اکتوبر سے شروع ہوگا۔

پی ایف ایف نیشنل انڈر 17 چیمپئن شپ 2026

زائد عمر کے کھلاڑیوں کا حصہ لینے پر پروٹیسٹ، کمیٹی فیصلہ کرنے میں ناکام

لاہور (این این آئی) جناح سٹیڈیم اسلام آباد جاری پی ایف ایف نیشنل انڈر 17 چیمپئن شپ میں زائد عمر کے کھلاڑیوں کا حصہ لینے پر کھلاڑیوں کے خلاف پروٹیسٹ کا سلسلہ شروع ہے تاہم کمیٹی ابھی تک فیصلہ کرنے میں ناکام۔ کھلاڑیوں نے بتایا کہ پروٹیسٹ کا سلسلہ گزشتہ دو، تین روز سے جاری ہے جس پر کمیٹی کوئی بھی فیصلہ نہ کر سکی۔ انہوں نے کہا کہ اس چیمپئن شپ منعقد کروانے کا کوئی فائدہ نہیں ہے کیونکہ زائد عمر کے کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ چیمپئن شپ میں پاکستان بھر سے 10 صوبائی اور علاقائی ٹیمیں ٹائٹل کے لئے مدمقابل ہیں چیمپئن شپ میں پنجاب پوٹھوہار، پنجاب روہتاس، سندھ مہران، سندھ انڈس، بلوچستان ہنگول، بلوچستان بولان، کے پی کے ہمالیاز، کے پی کے خیبر، گلگت بلتستان قراقرم اور اسلام آباد مارگلہ کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ گروپ مرحلہ کم سے 6 اکتوبر تک جاری رہے گا جس کے دوران روزانہ دو میچز کھیلے جائیں گے۔ 7 اکتوبر آرام کا دن ہوگا، جس کے بعد 8 اکتوبر کو سیمی فائنلز کھیلے جائیں گے، 9 اکتوبر کو ایک اور آرام کا دن ہوگا، جبکہ چیمپئن شپ کا اختتام 10 اکتوبر کو تیسری پوزیشن کے میچ اور فائنل کے ساتھ ہوگا۔

ایشین کرکٹ کونسل کے صدر محسن نقوی ایشین گیمز کرکٹ فائنل میں شرکت نہیں کریں گے

لاہور (آن لائن) ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کے صدر محسن نقوی ایشین گیمز میں کرکٹ کے فائنل میں شرکت نہیں کریں گے۔ اے سی سی کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق محسن نقوی پہلے سے طے شدہ مصروفیات اور کمٹمنٹس کے باعث ایشین گیمز کے کرکٹ ایونٹ کے فائنل ڈے پر موجود نہیں ہوں گے۔

چھٹا آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ ٹورنامنٹ کے موقع پر جیتنے والی ٹیم ریڈ افغان کوئٹہ کے کھلاڑیوں کا گروپ

ایشین گیمز، برونز میڈل جیتنے والے شوٹر جی ایم بشیر پاکستان پہنچ گئے، شاندار استقبال

کراچی (این این آئی) ایشین گیمز میں شوٹنگ کے ایونٹ میں برونز میڈل جیتنے والے پاکستانی شوٹر غلام مصطفیٰ بشیر پاکستان پہنچ گئے۔ جناح ٹرمینل کراچی پر جی ایم بشیر کا شاندار استقبال کیا گیا، استقبال کرنے آنے والوں نے ان کو کندھے پر اٹھا لیا۔ ایئرپورٹ آمد پر جی ایم بشیر پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں اور ہار پہنائے گئے۔ پاکستان نیوی کے شوٹرز نے پاکستان زندہ باد کے نعرے بھی لگائے۔ واضح رہے کہ ایشین گیمز میں جی ایم بشیر نے شوٹنگ کے 25 میٹر ریپڈ فائر پسٹل مقابلوں میں پاکستان کے لیے برانز میڈل جیتا ہے۔

چار رکنی قومی ٹیم ورلڈ کپ ٹین پن بالنگ ٹورنامنٹ میں شرکت کریگی، اعجاز الرحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹین پن بالنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمٰن نے کہا ہے کہ چار رکنی قومی ٹیم ورلڈ کپ ٹین پن بالنگ ٹورنامنٹ میں شرکت کرے گی۔ یہ ٹورنامنٹ 12 اکتوبر سے 21 اکتوبر تک جرمنی کے شہر میونخ میں منعقد ہوگا۔ چار رکنی قومی ٹیم میں احمر سلڈیرا، غضنفر بلال، دانیال الرحمٰن اور محمد معیز شامل ہیں۔ ٹیم کے ہمراہ منیجر کے فرائض محمد حسین چٹھہ انجام دیں گے۔

بلاول بھٹو زرداری اسٹوڈنٹ فٹبال کپ 2026 کی افتتاحی تقریب (آج) ہوگی

تقریب پیپی ڈیل اسکول ناظم آباد نمبر 4 میں ہوگی، سیکریٹری اسپورٹس سندھ منور علی مہیسر مہمان خصوصی ہوں گے

کراچی (این این آئی) اسپورٹس بلڈ اپ ایسوسی ایشن اور معاون خصوصی وزیراعلیٰ سندھ برائے طلبہ امور کے زیراہتمام بلاول بھٹو زرداری اسٹوڈنٹ فٹبال کپ 2026 کی افتتاحی تقریب (آج) اتوار شام 4 بجے منعقد ہوگی۔ تقریب پیپی ڈیل اسکول ناظم آباد نمبر 4، نزد امتیاز سپر مارکیٹ کراچی میں منعقد کی جائے گی، جس کی میزبانی اسپورٹس بلڈ اپ ایسوسی ایشن کے سیکریٹری سید مبشر شاہ اور رضا قادری کریں گے۔ منتظمین کے مطابق سیکریٹری اسپورٹس حکومت سندھ منور علی مہیسر تقریب کے مہمان خصوصی ہوں گے، جبکہ صدر پاکستان فٹبال فیڈریشن کراچی ڈویژن انجینئر مدنی رضا، جنرل سیکریٹری پاکستان پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن رؤف احمد ناگوری اور معاون خصوصی وزیراعلیٰ سندھ برائے طلبہ امور منصور علی شہانی سمیت دیگر رہنما اور عہدیداران بھی تقریب میں شرکت کریں گے۔

ایشین گیمز کرکٹ فائنل: بھارت نے پاکستان کو 19 رنز سے ہرا دیا

بھارت نے پاکستان کو جیت کے لیے 212 رنز کا ہدف دیا تھا جس کے جواب میں پاکستانی ٹیم 192 رنز بنا سکی

پاکستان ٹیم نے ناقص فیلڈنگ کا مظاہرہ کیا اور کئی مواقع ضائع کیے، صائم ایوب نے تین گیندوں پر دو کیچز ڈراپ کر دیے

ننگشین (این این آئی) ایشین گیمز کے مینز کرکٹ ایونٹ کے فائنل میں حسن نواز کی جارحانہ اننگز بھی پاکستان کو گولڈ میڈل نہ دلوا سکی۔ ننگشین میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان ٹیم 212 رنز کے ہدف کے تعاقب میں مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 192 رنز بنا سکی۔ حسن نواز نے 51 گیندوں پر 96 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی جس میں 7 چھکے اور 5 چوکے شامل تھے۔ ہدف کے تعاقب میں ابتدائی 3 وکٹیں جلد گرنے کے بعد حسن نواز نے صائم ایوب کے ہمراہ 48 گیندوں پر 87 رنز کی شراکت قائم کر کے ٹیم کو فیصلہ کن موڑ تک پہنچایا تاہم دیگر کوئی کھلاڑی ان کا ساتھ نہ دے سکا۔ صائم ایوب 29 اور معاذ صداقت 23 رنز بنا کر دیگر نمایاں بلے باز رہے۔ کپتان صاحبزادہ فرحان 10، عبدالصمد 9 اور عثمان خان 3 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ بھارت کی جانب سے اکشر پٹیل، واشنگٹن سندر اور شیوم دوبے نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں۔ اس سے قبل بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے ابھیشیک شرما (61)، تلک ورما (ناٹ آؤٹ 51) اور شیوم دوبے (27) کی جارحانہ بیٹنگ کی بدولت مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 211 رنز بنائے۔ کپتان شریاس ایئر 21، ایشان کشن 20، سوریا ونشی 15 اور نتیش کمار 2 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ پاکستان کی جانب سے احمد دانیال اور عرفات منہاس نے 2، 2 جبکہ صائم ایوب اور ابرار احمد نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ پاکستانی ٹیم نے ناقص فیلڈنگ کا مظاہرہ کیا اور کئی مواقع ضائع کیے۔ پانچویں اوور میں ابھیشیک شرما اور شریاس ایئر کو مواقع بھی ملے جب صائم ایوب نے تین گیندوں پر دو کیچ ڈراپ کر دیے۔ ابھیشیک شرما اور تلک ورما کو رن آؤٹ کرنے کے مواقع بھی ضائع کیے جبکہ مجموعی طور پر 4 کیچ ڈراپ کیے۔ اس شکست کے بعد پاکستان ٹیم سلور میڈل کی حقدار قرار پائی۔ واضح رہے کہ اس بڑے ٹاکرے کے ٹاس اور میچ کے اختتام پر بھارتی ٹیم نے ایک مرتبہ پھر کھیل کو سیاست زدہ کرتے ہوئے پاکستانی کپتان سے ہاتھ ملانے سے گریز کیا۔ ایشین گیمز کرکٹ کے فائنل میں بھارت نے پاکستان کو شکست دے کر گولڈ میڈل اپنے نام کر لیا، بھارت نے پاکستان کو جیت کے لیے 212 رنز کا ہدف دیا تھا جس کے جواب میں پاکستانی ٹیم 192 رنز بنا سکی۔ جاپان کے شہر ننگشین میں کھیلے گئے میچ میں بھارت کے کپتان شریاس ایئر نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا، اس موقع پر دونوں کپتانوں نے ہاتھ نہیں ملایا۔ بھارتی ٹیم نے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹ پر 211 رنز بنائے، ابھیشیک شرما نے 61، تلک ورما نے ناقابل شکست 51، شیوام دوبے نے 27، شریاس ایئر نے 21 اور ایشان کشن نے 20 رنز بنائے جبکہ پاکستان کی جانب سے عرفات منہاس اور احمد دانیال نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں۔

ایشین گیمز، بھارتی ہاکی امپائر کو جنسی ہراسانی کی شکایات پر واپس بھیج دیا گیا

[illegible] دی تھی تاہم تحقیقات کے دوران کمیٹی کو ان کے خلاف کوئی ٹھوس ثبوت نہیں ملے تھے

[illegible] کارروائی کی جائے گی۔ عہدیدار نے کہا کہ اگر اے ایچ ایف کی رپورٹ منفی ہوئی تو ہم یقینی طور پر ان کے خلاف سخت کارروائی کریں گے، اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ اگر وہ قصوروار پائے گئے تو انہیں معاف نہیں کیا جائے گا۔ ایشین گیمز میں ہاکی مقابلوں کے لیے امپائرز اور ٹیکنیکل آفیشلز کا تقرر ایشین ہاکی فیڈریشن کرتی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ پہلا موقع نہیں ہے کہ بھارتی امپائر کے خلاف ایسی شکایت سامنے آئی ہو۔ 2025 میں رانچی میں ہاکی انڈیا لیگ کے دوران بھی ایک خاتون امپائر نے گرندر سنگھ سنگھا کے خلاف شکایت درج کرائی تھی، اس کے بعد ہاکی انڈیا نے الزامات کی تحقیقات کے لیے تین رکنی کمیٹی تشکیل دی تھی تاہم تحقیقات کے دوران کمیٹی کو ان کے خلاف کوئی ٹھوس ثبوت نہیں ملے تھے۔

غیر ملکی پیڈل کھلاڑیوں کی [illegible] 11 [illegible]

[illegible] Padel Report 2025 [illegible] World [illegible]

20ویں ایشین گیمز آیچی ناگویا 2026

پاکستان ہاکی ٹیم نے کوریا کو 5-3 سے ہرا کر برانز میڈل جیت لیا

آیچی ناگویا / کفو (این این آئی) 20 ویں ایشین گیمز 2026 کے مردوں کے ہاکی ٹورنامنٹ میں پاکستان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جنوبی کوریا کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 5-3 سے شکست دے کر برانز میڈل (کانسی کا تمغہ) اپنے نام کر لیا ہے۔ کفو پریفیکچرل گرین اسٹیڈیم میں کھیلے گئے اس برانز میڈل میچ میں پاکستان ہاکی ٹیم نے آغاز سے ہی جارحانہ کھیل پیش کیا۔ میچ کے چوتھے منٹ میں سفیان خان نے پینلٹی کارنر کے ذریعے گول کر کے پاکستان کو برتری دلا دی۔ اس کے بعد عبد الرحمان نے 30ویں منٹ (پینلٹی کارنر)، رانا وحید نے 52ویں اور 54ویں منٹ (پینلٹی کارنر) اور حنان شاہد نے 59ویں منٹ میں شاندار گول کر کے ٹیم کی فتح یقینی بنائی۔ جنوبی کوریا کی جانب سے لی گانگسن (12واں منٹ)، کم یونگ بوک (18واں منٹ) اور ینگ جیہن (25واں منٹ - پینلٹی کارنر) نے گول اسکور کیے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی نے اس شاندار کامیابی پر قومی ہاکی ٹیم، کھلاڑیوں اور آفیشلز کو مبارکباد پیش کی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ ٹیم مستقبل میں بھی پاکستان کا نام روشن کرتی رہے گی۔

14ویں نیشنل کک باکسنگ چیمپئن شپ 27 نومبر سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کک باکسنگ فیڈریشن کے زیراہتمام 14ویں نیشنل کک باکسنگ چیمپئن شپ 27 نومبر سے گوجرانوالہ میں شروع ہو گی۔ پاکستان کک باکسنگ فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل طاہر عباس قریشی نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر میں صوبائی، ریجنل ٹیموں کے علاوہ مختلف ڈیپارٹمنٹ کی ٹیمیں حصہ لیں گی

بقیہ 1

نہیں دی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل تحسین ہیں، پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ اپنے منطقی انجام تک جاری رہے گی اور ملک وصوبے میں امن واستحکام کے قیام کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 2

ہیں۔ پروگرام کے تحت نوجوانوں کو روزگار، کاروبار اور فری لانسنگ کے مواقع کیلئے تیار کیا جائے گا۔ تربیت مکمل کرنے والے نوجوان سافٹ ویئر ہاسز، آئی ٹی اور آن لائن مارکیٹنگ کمپنیوں میں روزگار حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ سرکاری وغیر سرکاری اداروں میں آئی ٹی سیکیورٹی، ڈیٹا مینجمنٹ، میڈیا اور پبلک ریلیشنز کے شعبوں میں بھی مواقع سے استفادہ کرسکیں گے۔ تربیت یافتہ نوجوان ذاتی آن لائن کاروبار، ڈیجیٹل ایجنسیز اور فری لانسنگ کے ذریعے بھی معاشی مواقع حاصل کرسکیں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پروگرام کے آغاز پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو جدید فنی اور ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تربیت نوجوانوں کیلئے روزگار اور معاشی خودمختاری کے نئے مواقع پیدا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو ہنرمند بنانے اور انہیں باعزت روزگار سے جوڑنے کیلئے عملی اقدامات کا تسلسل جاری رکھے گی۔

بقیہ 3

کرلئے دوسری کارروائی میں نجیب اللہ کے قبضے سے 410 گرام چرس برآمد کرلی۔ سٹی پولیس نے اکبر احمد سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ اور عاصم کے قبضے سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلئے۔ تھانہ عبدالخالق شہید کے عملے نے مہربان کے قبضے سے 2 موٹر سائیکلیں برآمد کرلی۔ اور ملزم تھانہ کیچی بیگ، جناح ٹاؤن، سریاب، صدر، سیٹلائٹ ٹاؤن، سول لائن کو مختلف مقدمات میں مطلوب ہیں اسی طرح کچلاک پولیس نے ملزم صدام کے قبضے سے چھینا گیا موٹر سائیکل ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلئے اسی طرح ایس ایچ او بجلی روڈ جاوید بزدار نے علی محمد سے 505 گرام چرس برآمد کرلئے اسی طرح پشتون آباد پولیس نے ملزم دوست محمد کو گرفتار کرلیا پولیس نے تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 4

علاقے میں ترقیاتی عمل کو مزید موثر بنانے، بنیادی مسائل کے حل اور عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے مختلف تجاویز بھی پیش کیں۔ اس موقع پر نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی کے لیے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہوکر عوامی مسائل پر توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کانک سمیت مختلف علاقوں کے ترقیاتی مسائل کو سنجیدگی سے دیکھا جائے گا اور عوامی ضروریات کے مطابق عملی اقدامات کے لیے متعلقہ فورمز پر آواز موثر انداز میں اٹھائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت کسی ایک علاقے یا سیاسی وابستگی تک محدود نہیں، بلکہ بلوچستان کے ہر شہری کے بنیادی حقوق اور مسائل کے حل کے لیے کردار ادا کرنا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے۔ امن وامان کے حوالے سے بھی موثر اقدامات اور عوام کے تحفظ کو اولین ترجیح حاصل ہونی چاہیے۔ انہوں نے شرکاء کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل اور تجاویز کو غور سے سنتے ہوئے ان کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون اور عملی کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 5

سے پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ نے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی ملاقات کے دوران صوبے کی سیاسی وعلاقائی صورتحال، پارٹی امور اور تنظیمی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پارٹی کو مزید فعال اور منظم بنانے سمیت باہمی تعاون کے فروغ پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید موثر بنانے اور کارکنوں سے رابطے مضبوط کرنے کی ضرورت پر بھی زور

بقیہ 6

ترجمان ڈاکٹر عبداللہ وروگ، فنانس سیکرٹری ڈاکٹر طارق بلوچ، پی ایم اے کوئٹہ زون کے صدر ڈاکٹر نادر اچکزئی، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر شعیب بلوچ اور نائب صدر ڈاکٹر کامیار شامل تھے۔ وفد نے ایف بی آر اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کی جانب سے ڈاکٹروں پر عائد ٹیکسوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والی مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے اس معاملے کا سنجیدگی سے جائزہ لینے اور قابل عمل حل نکالنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وفد نے اے آئی اٹینڈنس سسٹم کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ پی ایم اے پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی اور حاضری کے ضوابط پر عمل درآمد کی مکمل حمایت کرتی ہے اور غیر حاضری کی کسی صورت حوصلہ افزائی نہیں کرتی۔ تاہم، وفد کے مطابق، بلوچستان کے مخصوص جغرافیائی، انتظامی اور زمینی حقائق کو مدنظر رکھے بغیر موجودہ نظام کا نفاذ فرائض کی باقاعدہ ادائیگی کرنے والے ڈاکٹروں کے لیے بھی مشکلات پیدا کررہا ہے۔ وفد نے مطالبہ کیا کہ اس نظام پر نظرثانی کرتے ہوئے زمینی حقائق اور طبی اداروں کی عملی ضروریات کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ وفد نے مزید موقف اختیار کیا کہ صحت کا شعبہ ایک تخصصی اور تکنیکی شعبہ ہے، جس کے موثر انتظام اور پالیسی سازی کے لیے طبی مہارت اور پیشہ ورانہ تجربہ بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ اس ضمن میں مطالبہ کیا گیا کہ صحت سے متعلق پالیسی سازی، منصوبہ بندی اور انتظامی امور میں ڈاکٹروں کی موثر نمائندگی یقینی بنائی جائے اور متعلقہ انتظامی عہدوں پر اہل اور تجربہ کار طبی ماہرین کی تعیناتی کو ترجیح دی جائے۔ وفد نے اس مطالبے کو متعلقہ حکومتی اور پالیسی ساز فورمز پر موثر انداز میں اٹھانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے وفد کے پیش کردہ نکات اور تحفظات کو توجہ سے سنا اور یقین دہانی کرائی کہ وہ ڈاکٹروں کو درپیش مسائل کے حل اور صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے اپنی جانب سے ہر ممکن مثبت کردار ادا کریں گے۔ پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن بلوچستان نے ملاقات کے لیے وقت دینے، وفد کا موقف سننے اور مسائل کے حل کے لیے تعاون کی یقین دہانی پر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 7

،عبدالصمد، داؤک سکنہ شیرانی کو مسلح افراد نے اغواء کرلیا واقعہ کی اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز کے حملے نے علاقے میں ان کی بازیابی کیلئے سرچ آپریشن شروع کردیا۔

بقیہ 8

عوامی تشویش میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو تحفظ فراہم کرنا حکومت اور انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے شہر میں امن وامان کی ابتر صورتحال اور بڑھتے ہوئے جرائم کے باعث شہری شدید اضطراب کا شکار ہیں۔ جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ نے ہمیشہ شہریوں کے بنیادی مسائل امن وامان اور عوامی حقوق کے حوالے سے جاندار آواز بلند کی ہے اور آئندہ بھی عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ 8 اکتوبر کو منعقد ہونے والے ضلعی مجلس عمومی کے اجلاس میں کوئٹہ کی موجودہ صورتحال سمیت شہر کو درپیش اہم مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا اور اراکین کی مشاورت سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ اجلاس کے لیے تمام اراکین کو دعوت نامے ارسال کیے جاچکے ہیں۔ موجودہ حالات کے تناظر میں اجلاس میں اہم فیصلے متوقع ہیں۔

بقیہ 9

مسلح افراد نے سیمنٹ سے لدے ایک ٹرالر پر فائرنگ کے بعد اسے آگ لگادی تھی، جس کے نتیجے میں ٹرالر نذر آتش ہوگیا تھا۔ مسلسل دوسرے روز اسی شاہراہ پر گاڑیوں کو نشانہ بنانے کے واقعات کے باعث علاقے میں تشویش پائی جاتی ہے۔ ناصر آباد ضلع کیچ اور ضلع تمپ کے درمیان واقع اہم علاقہ ہے، جبکہ زبیدہ جلال روڈ پاک ایران سرحدی علاقوں سے آنے والی ٹریفک کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

بقیہ 10

جبکہ متعدد مسائل کو موقع پر ہی حل کیا گیا اور متعلقہ افسران کو فوری کارروائی کی ہدایات جاری کی گئیں۔ کھلی کچہریوں کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان رابطے کو مزید موثر بنانا، شہریوں کی شکایات براہ راست سننا اور ان کے مسائل کا بروقت ازالہ یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 11

میں نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم میں مختلف بلیک ٹاپ سڑکوں کی تعمیر، سولر لائٹس سسٹم کی تنصیب، نیو ٹاؤن کی تمام مشینری کی مرمت اور دیگر ضروری اقدامات کی منظوری دی گئی، تاکہ ہاؤسنگ اسکیم میں بنیادی سہولیات اور متعلقہ نظام کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔ اسی طرح ماہر ہاؤسنگ اسکیم

کے ڈویلپمنٹ چارجز پانچ فیصد سے کم کرکے دو فیصد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

بقیہ 12

کردیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 13

سلطان محمد تختی، عابد حسین کو صوبائی معاونین برائے استصواب امرائے اضلاع مقرر کرکے اپنی نگرانی میں تمام اضلاع کو بیلٹ پیپر زبذریعہ ڈاک ودستی ارسال کیے گئے ہیں۔ مرتضیٰ خان کاکڑ نے اضلاع کی سطح پر بھی استصواب کے عمل کو بہتر منظم وشفاف بنانے کیلئے مزید 20 معاونین مقرر کردیے۔ ناظمین استصواب پہلی فرصت میں ہر ضلع میں انتخابی اجتماع ارکان کی تاریخ طے کریں گے جس میں ضلع کے تمام ارکان کو فردا فردا بذریعہ فون مطلع کریں گیتا کہ حاضری سو فیصد رہے اور کوئی رکن یہ نہ کہہ سکے کہ مجھے اطلاع نہیں دی گئی تھی) صوبائی ناظم استصواب کو بھی انتخابی اجتماع ارکان کی تاریخ سے آگاہ فرمائینگے (اگر تمام ارکان پہلے انتخابی اجتماع میں حاضر نہ ہوسکیں تو ان غیر حاضر ارکان کے لیے ایک اور انتخابی اجتماع کا انعقاد کیا جائیگا اور تمام غیر حاضر ارکان کو فون پر مطلع کیا جائیگا۔ اپنے ساتھ دو ارکان کو بطور معاون مقرر کرکے بیلٹ پیپرز کا سیل شدہ پیکٹ ان کے سامنے کھول کر ارکان کو رائے دہی کے لیے جاری کریں گے اس سے قبل بیلٹ بکس تیار کرکے سب کے سامنے رکھیں گے اور رائے دہی کی راز داری کے لیے کمرے کے کونے میں ارکان کے لئے ایک پردہ دار جگہ بنائیں گے۔

بقیہ 14

جبکہ 11 اکتوبر کو کوئٹہ، نواں کلی علاقائی کانفرنس کے کھلے اجلاس میں مرکزی تعزیتی اجتماع بہ یاد شہدائے جمہوریت وشہدائے وطن منعقد ہوگا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ 7 اکتوبر 1983 کا دن ملک کی جمہوری تاریخ میں ایک اہم حیثیت رکھتا ہے۔

بقیہ 15

نتیجے میں 9 سال ارمان، 10 سالہ ملل جاں بحق جبکہ 9 سالہ شاہد، 7 سالہ زاہد، بارہ سالہ نور اللہ زخمی ہوگئے۔ دھماکے سے علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا دھماکہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید تحقیقات پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 16

علاقے میں تیز رفتار مسافر کوچ کی موٹر سائیکل کی ٹکر سے ان میں آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوگئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی۔

بقیہ 17

کا نشانہ بنانا قابل قبول نہیں۔ تنظیم واضح کرنا چاہتی ہے کہ کسی بھی انتظامی عہدیدار کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ اپنی من مانی مسلط کرنے یا ذاتی رائے منوانے کے لیے ڈاکٹرز کے ساتھ ناروا سلوک روا رکھے۔ ڈاکٹرز ہسپتال کے اہم ترین اسٹیک ہولڈرز ہیں اور ان کے ساتھ عزت، وقار اور پیشہ ورانہ اصولوں کے مطابق برتاؤ انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ڈاکٹرز کے جائز حقوق، عزت نفس اور پیشہ ورانہ وقار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اگر کسی ڈاکٹر کو غیر ضروری دباؤ یا ہراسانی کا سامنا کرنا پڑا تو ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان اپنے اراکین کے ساتھ کھڑی ہوگی اور ہر قانونی وتنظیمی فورم پر آواز اٹھائے گی۔

بقیہ 18

کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ملک عیسیٰ خان ملازئی سمیت تمام سوگوار اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی بھی دعا کی۔

بقیہ 19

میں شمولیت، بین الاقوامی سطح پر پاکستانی کھلاڑیوں کی نمائندگی اور پاکستان اور جاپان کے درمیان کھیلوں کے شعبے میں دوستانہ روابط کو مزید مستحکم کرنے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر شیہان شاہد خان یوسفزئی اور شیہان شاہزیب خان یوسفزئی نے جاپانی اعزازی قونصل جنرل کو پاکستان میں کیوکوشن کائی کراٹے کی سرگرمیوں، تربیتی پروگرامز اور مستقبل کے منصوبوں سے آگاہ کیا اور گزشتہ دنوں جاپان میں 6th ورلڈ کراٹے ٹورنامنٹ میں شرکت کے حوالے سے بھی تفصیل سے آگاہ کیا۔ جاپانی اعزازی قونصل جنرل نے کیوکوشن کائی کراٹے کے فروغ کیلئے کی جانے والی کوششوں کو سراہا اور پاکستان وجاپان کے درمیان کھیلوں کے ذریعے عوامی روابط کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ سید ندیم عالم شاہ نے کہا کہ مارشل آرٹس نوجوان نسل میں نظم وضبط، خود اعتمادی، جسمانی فٹنس، برداشت اور مثبت سوچ کو پروان چڑھانے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انٹرنیشنل کراٹے آرگنائزیشن کیوکوشن پاکستان کے چیف گرینڈ ماسٹر شیہان شاہد خان یوسفزئی نے کہا کہ کیوکوشن کائی کراٹے کے ذریعے ہم پاکستان کے باصلاحیت نوجوانوں کو عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کررہے ہیں۔ ملاقات کے اختتام پر باہمی تعاون اور پاکستان وجاپان کے درمیان کھیلوں کے شعبے میں دوستانہ روابط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 20

نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر واستقامت کی تلقین کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی قلات نوابزادہ میر شعیب جان زہری، میر عظمت جنگ اور دیگر قبائلی معتبرین بھی موجود تھے۔

بقیہ 21

کے صوبائی صدر اسلم بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی ایک سیاسی وجمہوری جماعت ہے جو بلوچستان کے تمام اقوام زبان ثقافت اور نسل سے تعلق رکھنے والے افراد کو عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے ہزارہ قوم تو روز اول سے بلوچستان کی ترقی پسند وجمہوری سیاست کا حصہ رہتے ہوئے بلوچستان کو اپنا وطن تصور کیا ہے، انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی ایک جمہوری جماعت ہے اس کے تمام فیصلے پارٹی ادارے کرتے ہیں بلوچستان کی موجودہ صورتحال میں تمام پڑھے لکھے باشعور افراد کو بھرپور انداز سے اپنا سیاسی کردار ادا کرنا چاہیے اور ایک پائیدار مثبت سیاست کے لیئے نیشنل پارٹی لکھے پڑھے نظریاتی وسیاسی کارکنوں کی منظم پلیٹ فارم ہے تمام غیر فعال دوستوں سے گزارش ہے کہ پارٹی میں فعال کردار ادا کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کو علمدار روڈ میں ہزارہ ٹاؤن میں فعال بنانے کے لیئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اس موقع پر ضلعی صدر نیشنل پارٹی کوئٹہ حاجی عطا محمد بنگلزئی نے کہا کہ تمام دوست بدستور نیشنل پارٹی کا حصہ ہیں اور پارٹی کیلئے ان کی کاوشوں سے کوئی انکار نہیں کرسکتا لہذا دوست پارٹی سرگرمیوں میں بھرپور کردار ادا کریں اس موقع پر سید رحیم شاہ نے اپنا احتجاجی استعفیٰ واپس لیا اور تمام دوستوں نے اس امر کا اعادہ کیا کہ وہ پارٹی کو ہزارہ ٹاؤن اور علمدار روڈ میں منظم کرنے میں بھرپور کردار ادا کرینگے اور مزید دوستوں کے ساتھ رابطہ کرکے تمام دوستوں کو ٹیم کی شکل میں فعال بناکر بھرپور سیاسی کردار ادا کرینگے۔

بقیہ 22

اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے زیر اہتمام ضلعی کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ترجمان شاکر محمد حسنی، نثار خان اچکزئی، ہمایوں خان کاکڑ، ذیشان خان کاکڑ، صدام خان اچکزئی اور دیگر بھی موجود تھے۔ مقررین نے کہا کہ پارٹی کے دیرینہ ساتھیوں اور کارکنوں نے ہمیشہ مشکل وقت میں پارٹی کا ساتھ دیا ہے اور اپنے قائدین کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔ وہ کارکن پارٹی کا قیمتی اثاثہ اور سرمایہ ہے ایسے کارکنوں کی حوصلہ افزائی اور ان کے مسائل کا حل ہماری ذمہ داری ہے اس لئے پارٹی کو مضبوط اور مرکزی صوبائی، ضلعی سطح پر کارکنوں کے درمیان رابطوں کو مضبوط اور موثر بنانے کے لئے اقدامات اٹھارہے ہیں تاکہ دور دراز علاقوں کے کارکنوں اور اضلاع کے نمائندوں کو پارٹی قیادت تک براہ راست رسائی حاصل ہوسکے۔ مقررین نے کہا کہ پارٹی کارکنوں کی محنت اور قربانی کو نظر انداز نہیں کیا جائے گا اور تنظیمی امور میں کارکنوں کی رائے کو اہمیت دی جائے گی تاکہ نوجوان تنظیمی سرگرمیوں میں وہ بڑھ چڑھ کر حصہ لے سکیں۔ اس وقت وفاق اور بلوچستان میں مخلوط حکومت کے باوجود پارٹی قائد میاں نواز شریف کی قیادت میں میاں شہباز شریف وزیراعظم اور مریم نواز پنجاب کی وزیراعلیٰ کی حیثیت سے کام کررہی ہیں۔ مقررین نے کہا کہ میاں محمد نواز شریف نے مارشل لاء کے دور میں بھی سیاسی جدوجہد جاری رکھی۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی ملک کے عوام میاں نواز شریف کے نظریہ اور پالیسی کو پسند کرتے ہیں

بقیہ 23

سے TIKA کا اس قیمتی تعاون پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا گیا ہے۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے کہا ہے کہ TIKA کی جانب سے فراہم کردہ یہ جدید سہولت طلب، اساتذہ، محققین اور متعلقہ شعبوں سے وابستہ افراد کے لیے تحقیق اور عملی تربیت کے نئے مواقع پیدا کرے گی، جبکہ زراعت، زیتون کی کاشت اور اس سے حاصل ہونے والی مصنوعات کی ویلیو ایڈیشن کے شعبے میں بھی عملی استعداد کو فروغ ملے گا یونیورسٹی حکام کے مطابق یہ اقدام پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دوستانہ تعلقات، باہمی تعاون اور ادارہ جاتی شراکت داری کی عکاسی کرتا ہے۔ TIKA کی جانب سے تعلیمی، تحقیقی، زرعی اور استعداد کار میں اضافے کے منصوبوں میں تعاون دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کررہا ہے اس موقع پر وائس چانسلر یونیورسٹی آف لورالائی انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کی دور اندیش قیادت اور ادارہ جاتی ترقی کے لیے ان کے وژن کو بھی نمایاں قرار دیا گیا۔ ان کی قیادت میں یونیورسٹی تحقیق پر مبنی ترقی، جدت، کمیونٹی انگیجمنٹ انٹر پرینیورشپ، پائیدار زراعت اور قومی وبین الاقوامی اداروں کے ساتھ مفید شراکت داری کے فروغ پر خصوصی توجہ دے رہی ہے یونیورسٹی انتظامیہ کے مطابق زیتون کا تیل نکالنے کے جدید یونٹ کا قیام اسی وژن کا عملی تسلسل ہے، جس کے ذریعے طلبہ اور محققین کو زیتون کی پیداوار، تیل نکالنے کے جدید طریقہ کار، ویلیو ایڈیشن اور متعلقہ تکنیکی شعبوں میں عملی تجربہ حاصل کرنے کے مواقع میسر آئیں گے یونیورسٹی آف لورالائی نے TIKA کے اس گراں قدر تعاون پر ایک بار پھر اپنی گہری تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یونیورسٹی مستقبل میں بھی تحقیق، جدت، زراعت ٹیکنالوجی کی منتقلی، تربیت اور ادارہ جاتی ترقی کے شعبوں میں ترکیہ اور دیگر قومی وبین الاقوامی اداروں کے ساتھ باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے پرعزم

بقیہ 24

میں کسی قسم کی غیر ضروری تاخیر، غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اجلاس کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ سنگین نوعیت کی تمام شکایات فوری طور پر "پینل آف انکوائریز" کو بھجوائی جائیں گی۔ اس پینل میں اچھی شہرت کے حامل گریڈ 18 سے گریڈ 21 تک کے سینئر PSP افسران شامل ہوں گے، جو اہم اور حساس نوعیت کے الزامات وشکایات کی غیر جانب دارانہ تحقیقات کریں گے۔ اجلاس میں متعلقہ افسران کو ہدایت دی گئی کہ انکوائری کا عمل مکمل شفافیت، غیر جانب داری اور میرٹ کی بنیاد پر انجام دیا جائے اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ پینل آف انکوائریز کے ارکان 14 دن کے اندر اپنی تحقیقاتی رپورٹ مرتب کرکے انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان کو پیش کرنے کے پابند ہوں گے۔ ڈی آئی جی IAB نے مزید ہدایت جاری کی کہ تمام رجسٹرز اور اضلاع میں شکایات کے ازالے کے لیے ایک موثر، منظم اور جوابدہ نظام قائم کیا جائے۔ شکایات کی مسلسل نگرانی، فالو اپ اور پیش رفت رپورٹس کی بروقت فراہمی کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو فوری اور منصفانہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ بلوچستان پولیس میں غیر جانب دار احتساب کے نظام کو مزید فعال بنایا جائے گا اور عوامی شکایات کے ازالے کے عمل میں شفافیت، میرٹ اور وقت کی پابندی کو ہر سطح پر یقینی بنایا جائے گا۔ ڈی آئی جی انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی برانچ نے اس موقع پر کہا کہ عوام کی شکایت کا ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے اور شہریوں کے اعتماد کے فروغ کے لیے احتساب کے موثر نظام کو ہر ممکن حد تک مضبوط بنایا جائے گا۔

بقیہ 25

شہید جبکہ دو نوجوان شدید زخمی ہوئے ہیں۔ اس المناک واقعے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انجینئر حاجی محمد جواد رفیعی نے کہا کہ ہم گزشتہ تین دہائیوں سے اپنے نوجوانوں، بزرگوں اور بھائیوں کی قربانیاں دے رہے ہیں، لیکن اب بہت ہو چکا ہے۔ مزید بے گناہ جانوں کا ضیاع کسی صورت قابل قبول نہیں۔ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروے ہمارے قاتلوں کو جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام انٹیلیجنس ادارے اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے سدباب میں مکمل طور پر ناکام نظر آرہے ہیں۔ حکومت فوری طور پر موثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین آپریشن کرے اور صوبہ بلوچستان کی سرزمین کو دہشت گردوں سے پاک کیا جائے۔ انجینئر حاجی محمد جواد رفیعی نے مطالبہ کیا کہ بولان واقعے میں ملوث دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو فوری گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور شہید مصطفیٰ اور دیگر متاثرین کے خاندانوں کو انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 26

افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے۔ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری نے شہید نکری مجیب کھیازئی کے اہل خانہ اور قبائلی عمائدین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید نکری مجیب کھیازئی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابل تلافی صدمہ صبر وحوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 27

کے مطابق گزشتہ روز ٹیکسی اسٹینڈ سے ایک نامعلوم ضعیف العمر شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دی گئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔ دریجی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے پولیس اہلکار کو زخمی کردیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز حب کے علاقے دریجی میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے پولیس اہلکار کو زخمی کردیا جسے ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ سوراب کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ذرائع کے مطابق سوراب کے علاقے بڑو کے میدانی ایریا سے نور احمد نامی شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا۔

بقیہ 28

ہم علاقے کے عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کلی ملازے کے قریب پک اینڈ ڈراپ کیلئے ایک ہالٹ اسٹیشن بنایا جائے جہاں ریلوے کے کوارٹرز پہلے سے موجود ہیں اور سب کو قریب بھی پڑتا ہے کوئٹہ کے میگا پراجیکٹس بھی مستقبل میں مستفید ہوسکتے ہیں اور عوام الناس کی حقیقت پر مبنی مطالبہ پر عمل درآمد بھی ممکن ہوسکے گا۔

بقیہ 29

مصطفیٰ ولد نادر علی کی شہادت اور دو نوجوانوں کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہیں۔ تاجر رہنماؤں نے کہا کہ کسی بھی بے گناہ شہری کی جان کا ضیاع پورے معاشرے کے لیے باعث تشویش ہے۔ بلوچستان کے عوام پہلے ہی بدامنی کے باعث مشکلات اور خوف کی فضا کا سامنا کررہے ہیں، ایسے واقعات عوام میں عدم تحفظ کو مزید بڑھاتے ہیں۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کو واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے حقائق عوام کے سامنے لانے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ واقعے کے محرکات اور پس پردہ حقائق سامنے لانا انتہائی ضروری ہے، اس لیے کسی بھی حتمی نتیجے پر پہنچنے کے بجائے شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کی جائیں۔ واقعے میں ملوث عناصر کی شناخت کرکے انہیں فوری گرفتار کیا جائے اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ متاثرہ خاندانوں کو انصاف مل سکے۔ رہنماؤں نے کہا کہ شہریوں کی جان ومال کا تحفظ ریاست اور حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، عوام کو سڑکوں، بازاروں اور دیگر عوامی مقامات پر محفوظ ماحول فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ صرف مذمتی بیانات کافی نہیں بلکہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے موثر اور عملی اقدامات کیے جانے چاہئیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ زخمی نوجوانوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، شہید نوجوان کے خاندان کو ہر ممکن تعاون اور انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور واقعے کے ذمہ دار عناصر کو قانون کے مطابق سزا دلوائی جائے۔ تاجر رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کے لیے تمام شہریوں کے جان ومال کا تحفظ ضروری ہے اور حکومت ومتعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی۔ انہوں نے شہید نوجوان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمی نوجوانوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 30

سے بھی محروم ہیں۔ رقم کی فوری ضرورت کے وقت شہریوں، خصوصاً بزرگ پنشنرز اور سرکاری ملازمین کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ عوامی حلقوں نے نیشنل بینک کے اعلیٰ حکام کی عدم توجہی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام سے مکمل بینکاری خدمات کی توقع رکھنا لیکن انہیں بنیادی سہولت فراہم نہ کرنا سراسر ناانصافی ہے۔ گنداواہ کے شہریوں کا کہنا ہے کہ نیشنل بینک انتظامیہ کو عوامی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے فوری عملی اقدام کرنا ہوگا۔ شہریوں نے نیشنل بینک آف پاکستان کے اعلیٰ حکام سے دوٹوک مطالبہ کیا ہے کہ گنداواہ برانچ میں جدید اور فعال اے ٹی ایم مشین فوری طور پر نصب کی جائے۔ عوامی حلقوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر اس بنیادی عوامی مسئلے کو مسلسل نظر انداز کیا گیا تو شہری متعلقہ حکام کے سامنے بھرپور آواز اٹھانے اور احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوں گے۔ گنداواہ کے شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ نیشنل بینک حکام کاغذی کارروائی اور خاموشی کے بجائے عملی اقدامات کریں اور عوام کو ان کا بنیادی بینکاری حق فراہم کیا جائے۔

بقیہ 31

نظر ایک شہر سے دوسرے شہر سفر کے دوران احتیاط برتنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ فارم 47 کی مسلط اور نااہل حکومت نے صوبے کی صورتحال کو ناقابل بیان بنا کر رکھ دیا ہے بیان میں نوجوان کی ہلاکت پر اس کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد مکمل صحت یابی کی دعا مانگی گئی۔

بقیہ 32

امن وامان کے قیام اور جرائم کی روک تھام کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں تاکہ مل کر علاقے سے جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کیا جائے۔

بقیہ 33

بچوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ علم انسان کی تیسری آنکھ ہے تعلیم کے حصول کی خاطر اپنے اساتذہ کرام کی رہنمائی حاصل کریں استاد معاشرے کا معمار ہوتا ہے سکول کے اندر تعلیم کے ساتھ نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کی اشد ضرورت ہے سکول میں ہمیشہ تعلیمی سلسلے کا آغاز اسمبلی سے کرایا جائے تاکہ تلاوت کلام پاک سے اسے بابرکت بنایا جاسکے اس موقع پر انہوں نے بچوں کو سختی سے تاکید کی کہ تعلیم پر بھرپور توجہ دیں سالانہ امتحانات قریب ہیں سکول سے غیر حاضری کو ترک کردیں اور اپنی تمام تر توجہ تعلیم پر مرکوز رکھیں انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ بچوں کی سکول سے غیر حاضری کو کنٹرول کرنے میں اساتذہ کرام کے ساتھ مکمل تعاون کریں

بقیہ 34

جھو شوری کی حدود غفور آباد میر اللہ بخش خان عمرانی کی کیمپ پر نامعلوم مسلح افراد نے شدید فائرنگ کی جس سے پورے علاقے میں سخت خوف وحراس پھیل گیا تاہم کسی جانی ومالی نقصان کی فوری اطلاع موصول نہ ہوسکی۔

بقیہ 35

سیف اللہ کے صدر حکمت اللہ توخی۔ لورالائی کے صدر مجیب الرحمٰن لونی اور علماء کرام کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ مقابلے کے دوران طلبہ نے قرآن مجید کی مختلف آیات اپنی خوبصورت اور دلنشین آوازوں میں تلاوت کرکے محفل کو روحانی اور پرنور بنا دیا۔ پانچ پاروں، دس پاروں اور مکمل قرآن مجید کے مقابلوں میں سے پانچ، پانچ طلبہ کو صوبائی سطح پر ہونے والے قرات کے مقابلوں کے لیے منتخب کیا گیا، جو آئندہ صوبائی مقابلوں میں لورالائی ڈویژن کی نمائندگی کریں گے۔ اس موقع پر مہمان خصوصی حسن اچکزئی نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان کے لیے 25 ہزار روپے نقد انعام کا اعلان کیا۔ جیتنے والے طلباء کو ایک ایک قرآن مجید کا تحفہ اور نقد بھی فراہم کیا گیا انہوں نے لورالائی ڈویژن کی سطح پر مدارس کے طلبہ کے درمیان قرات کے مقابلوں کے انعقاد اور اس کے تمام اخراجات اپنی جانب سے برداشت کرنے کا بھی اعلان کیا۔ مقررین نے قرآن پاک کی تعلیم، تلاوت اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کو دینی واخلاقی تربیت کا اہم ذریعہ قرار دیتے ہوئے ایسے مقابلوں کے تسلسل کو ضروری قرار دیا۔

بقیہ 36

نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ عوام کو اشیائے ضروریہ سرکاری نرخ نامے کے مطابق فراہم کی جائیں اور کسی بھی صورت مقررہ نرخوں سے زائد وصولی، ناجائز منافع خوری یا غیر معیاری اشیاء کی فروخت سے گریز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہر دکاندار اپنی دکان پر سرکاری نرخ نامہ واضح اور نمایاں جگہ پر آویزاں کرے تاکہ صارفین کو اشیاء کی قیمتوں سے متعلق مکمل آگاہی حاصل ہو اور کسی قسم کی شکایت کی صورت میں فوری کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ انہوں نے بیکریوں، نان بائی کی دکانوں اور ہوٹلز کے مالکان کو بھی صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کھانے پینے کی اشیاء کی تیاری، ذخیرہ اور فروخت کے دوران حفظان صحت کے اصولوں کی پابندی لازمی ہے۔ دکانوں اور کاروباری مراکز کے اندر واطراف میں صفائی کا مناسب انتظام رکھا جائے اور عوام کو صاف ستھری اور معیاری اشیائے خورونوش کی فراہمی یقینی بنائی جائے دوران معائنہ سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی اور دیگر بے ضابطگیوں کے مرتکب بعض دکانداروں پر جرمانے عائد کیے گئے جبکہ بعض کو آئندہ خلاف ورزی سے باز رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے وارننگ جاری کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی، ناجائز منافع خوری، گرانفروشی، غیر معیاری اشیاء کی فروخت اور صفائی کے ناقص انتظامات کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان بنگلزئی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور بازاروں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور معیار کو باقاعدہ مانیٹر کرنے کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈکی بازار سمیت مختلف علاقوں میں اچانک معائنے اور چیکنگ کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے دکانداروں سے اپیل کی کہ وہ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں، سرکاری نرخ نامے کی مکمل پابندی کریں، صفائی ستھرائی کے معیار کو برقرار رکھیں اور عوام کو معیاری اشیائے ضروریہ مقررہ نرخوں پر فراہم کریں تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 37

لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے مہم کی پیش رفت اور درپیش مسائل پر بریفنگ دی، جبکہ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ رہ جانے والے بچوں کی فوری کوریج، انکاری خاندانوں کی موثر کاؤنسلنگ اور فیلڈ سرگرمیوں کی موثر نگرانی کو مزید یقینی بنایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے ہدایت کی کہ ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنائی جائے، انکاری اور رہ جانے والے بچوں کی بروقت فالو اپ کیا جائے اور متعلقہ محکموں کے درمیان موثر رابطہ کاری وتعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے۔ انہوں نے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے جاری کوششوں میں تسلسل برقرار رکھنے پر زور دیا۔

بقیہ 38

کا پریس کلب میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں بدامنی قتل وغارت اغوا برائے تاوان عوام کے زمینوں پر ناجائز قبضے مہنگائی شاہراہوں کی بندش بارڈر کی بندش بیروزگاری جیسے مسائل کا شکار ھے اور انتہائی خطرناک دور سے گزر رہا ھے جس کیلئے تحریک تحفظ آئین پاکستان کے چیئرمین اور اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی جدوجہد جاری ھے اور ملک کے عوام کی نظریں محمود خان اچکزئی کی طرف ھیں اسی سلسلے میں 7 اکتوبر کو بازو شہید گراؤنڈ میں جلسہ عام منعقد ھوگا جس سے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نواب ایاز خان جوگیزئی و دیگر مرکزی وصوبائی قائدین خطاب کرینگے اور عوام کو موجودہ ملکی صورتحال سے تفصیلی طور پر آگاہ کریں لہذا اہم ژوب وشیرانی کے عوام سے اس جلسہ میں بڑھ چڑھ کر شرکت کی اپیل کرتے ہیں۔

بقیہ 39

سمجھنا ممکن نہیں، بلوچستان کے مسائل کا پائیدار حل موثر گورننس، میرٹوکریسی کے فروغ، سیاسی شمولیت، نوجوانوں کے لیے مواقع، معاشی ترقی اور ریاستی رٹ کے موثر نفاذ سے جڑا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو یہاں اسلام آباد پالیسی ریسرچ انسٹیٹیوٹ (IPRI) کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب میں 'خصوصی لیکچر' کے دوران کیا، جہاں انہیں مہمان خصوصی کے طور پر مدعو کیا گیا تھا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کا خطہ ہزاروں سال پرانی تہذیبی تاریخ رکھتا ہے اور مہرگڑھ اس کی قدیم تہذیبی اہمیت کا نمایاں ثبوت ہے۔ مختلف ادوار میں یہاں مقامی معاشروں، قبائلی نظام، خانیت قلات، برطانوی دور اور بعد ازاں پاکستان کے سیاسی وانتظامی نظام سمیت مختلف حکومتی وسیاسی ڈھانچے تشکیل پاتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ کے مختلف ادوار کو ان کے مخصوص سیاسی، سماجی اور علاقائی حالات کے تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے تاریخی معاملات پر رائے قائم کرتے وقت اصل ماخذ اور مستند دستاویزی ریکارڈ و مصدقہ حوالہ جات سے رجوع کیا جانا چاہیے، بالخصوص بلوچستان کے پاکستان کے ساتھ الحاق سمیت اہم تاریخی معاملات کو جذباتی یا یک طرفہ بیانیے کے بجائے تاریخی



دہشت گردی کے خلاف جنگ اپنے منطقی انجام تک جاری رہے گی، سرفراز بگٹی

بلوچستان کی ترقی کیلئے عوامی مسائل پر توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، جمال رئیسانی

ڈاکٹروں کو درپیش مسائل اور صحت کے شعبے کی بہتری کیلئے ہر ممکن اقدامات کریں گے

بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے ٹیکنیکل و ڈیجیٹل اسکل ٹریننگ پروگرام کا آغاز

جماعت اسلامی بلوچستان کے امراء اضلاع کا دو سال کیلئے انتخاب کا عمل شروع

کوئٹہ شہر بدامنی اور انتظامی بے حسی کا شکار ہو چکا ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

قلات کے علاقے سے مسلح افراد نے 3 نوجوانوں کو اغوا کر لیا

تربت، نامعلوم موٹر سائیکل سوار مسلح افراد کی دو بوزر گاڑیوں پر فائرنگ

جمہوری حقوق اور قومی آزادی محض نعروں سے حاصل نہیں ہوتے، پشتونخوا میپ

کمشنر مکران ڈویژن ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ کی زیر صدارت اجلاس

خضدار کے علاقے سے تین افراد کی لاشیں برآمد

افراد کی لاشیں برآمد کر لی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ہفتہ کو خضدار کے علاقے فیروز آباد سے تین افراد کی لاشیں برآمد ہوئیں ہیں جنہیں پولیس نے تحویل میں لیکر شناخت کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا۔ مزید کارروائی جاری ہے۔ پنجگور کے علاقے میں بارودی نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز پنجگور کے علاقے گوار کے فتح علی بازار میں بچے کھیل رہے تھے کہ انہیں ایک مشکوک چیز ملی جس کو چھیڑنے سے وہ زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

وندر، مسافر کوچ اور موٹر سائیکل کے درمیان 3 افراد جاں بحق

بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی پولیس نے مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔ وندر کے علاقے میں مسافر کوچ اور موٹر سائیکل کے درمیان 3 افراد جاں بحق ہو گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز وندر کے (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

کراچی' ڈاؤ میڈیکل یونیورسٹی کے باہر اسلامی جمعیت طلبہ کے احتجاج کے دوران گرفتاری پر کارکن وکٹری کا نشان بنا رہا ہے



کراچی شہر کے سیوریج اور واٹر ٹریٹمنٹ نظام میں بڑی پیش رفت' کراچی کی ماحولیاتی بہتری اور زیرِ زمین و سمندری آلودگی کے خاتمے کی جانب ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے ٹریٹمنٹ پلانٹ ن (TP-1) کو باقاعدہ فعال کر دیا گیا

ٹکری مجیب کھیازئی کی شہادت افسوسناک اور دلخراش واقعہ ہے، نواب ثناء اللہ زہری

معزز قبائلی شخصیات کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے ممتاز قبائلی رہنما ٹکری مجیب کھیازئی کی دہشت گرد حملے میں شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا کہ ٹکری مجیب کھیازئی کی شہادت ایک بڑا سانحہ ہے، جس سے ان کے خاندان، قبیلے اور علاقے کے لوگوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے گناہ اور معزز قبائلی شخصیات کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا انتہائی (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال انتظامیہ اپنا قبلہ درست کرے، ینگ ڈاکٹرز

ڈاکٹرز کو ہراساں کرنے کے بجائے ہسپتال کے انتظامی مسائل اور بنیادی سہولیات کی بہتری پر توجہ دے

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال انتظامیہ کے بعض ذمہ داران کی جانب سے ڈاکٹروں کے ساتھ مبینہ بدتمیزی، ناروا رویے کے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ڈاکٹرز کے ساتھ غیر پیشہ وارانہ اور تضحیک آمیز رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کا مؤقف ہے کہ انتظامی معاملات میں پیدا ہونے والی کسی بھی کوتاہی یا کمزوری کو چھپانے کے لیے ڈاکٹروں کو دباؤ، دھمکی، ہراسانی یا غیر ضروری انتظامی کارروائیوں (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

تربت میں ایک خاتون نے مبینہ طور پر تیزاب پی کر اپنی جان کا خاتمہ کر لیا

تربت (این این آئی) تربت کے علاقے مچھلی مارکیٹ میں ایک خاتون نے مبینہ طور پر تیزاب پی کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق خاتون کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی گئی، تاہم وہ دورانِ علاج جانبر نہ ہو سکیں۔ پولیس کے مطابق ابتدائی معلومات کے تحت واقعہ مبینہ طور پر گھریلو ناچاقی کے باعث پیش آیا۔ پولیس نے واقعے کی مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

جاپانی قونصل جنرل ندیم شاہ سے گرینڈ ماسٹر شیہان شاہد خان کی ملاقات

ملاقات میں گلوبل کیوکوشن آرگنائزیشن پاکستان کے چیف شیہان شاہزیب خان بھی شریک تھے

کوئٹہ (آن لائن) جاپانی اعزازی قونصل جنرل برائے بلوچستان سید ندیم عالم شاہ سے انٹرنیشنل کراٹے آرگنائزیشن کیوکوشن پاکستان کے Iko Matsushima کے چیف گرینڈ ماسٹر شیہان شاہد خان یوسفزئی (بلیک بیلٹ 7th ڈان، جاپان) اور گلوبل کیوکوشن آرگنائزیشن (نیوزی لینڈ) پاکستان کے چیف شیہان شاہزیب خان یوسفزئی (بلیک بیلٹ 5th ڈان، جاپان) نے خصوصی ملاقات کی۔ جاپان قونصلیٹ کوئٹہ میں انتہائی خوشگوار ماحول میں ہونے والی ملاقات میں پاکستان میں کیوکوشن کائی کراٹے کے فروغ، نوجوانوں کی مارشل آرٹس (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

بولان میں شیعہ ہزارہ نوجوانوں پر فائرنگ کا واقعہ قابل مذمت ہے، حاجی محمد جواد رفیعی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر انجینئر حاجی محمد جواد رفیعی نے بولان میں شیعہ ہزارہ نوجوانوں پر فائرنگ کے واقعے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شیعہ ہزارہ نوجوانوں کا قتل کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ بولان کے افسوسناک واقعے میں مصطفیٰ ولد حاجی نادر علی (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی' شازیہ بی بی بیوہ میر نوریز خان عمرانی پریس کانفرنس کر رہی ہیں

بلاول بھٹو زرداری کا ملک عیسیٰ خان ملازئی کی والدہ کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے نائب صدر ملک عیسیٰ خان ملازئی کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے ملک عیسیٰ خان ملازئی اور ان کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری کی پیپلز پارٹی رہنما ٹکری نجیب جتک سے والدہ کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما ٹکری نجیب جتک کی رہائش گاہ پر پہنچ کر ان کی والدہ کے انتقال پر ٹکری نجیب جتک، ٹکری کریم داد جتک اور مولا داد جتک سے تعزیت اور اظہار ہمدردی کیا اس موقع پر (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

ہزارہ قوم روز اول سے مثبت سیاسی کردار ادا کیا ہے اور بلوچستان کو اپنا وطن تصور کیا ہے، اسلم بلوچ

نیشنل پارٹی سیاسی و جمہوری جماعت ہے دوست نئے جذبے کے ساتھ پارٹی کو منظم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ، نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر حاجی عطا محمد بنگلزئی، اور ضلعی یوتھ سیکریٹری عنایت بزدار نے علمدار روڈ اور ہزارہ ٹاؤن کے پارٹی دوستوں سے علمدار روڈ پر ملاقات کی ان کے تحفظات دور کر کے انہیں پارٹی میں فعال کردار ادا کرنے سے متعلق بات چیت کی ملاقات میں شبیر حسین ہزارہ، جواد آفاقی اسحاق حیدری جعفر اصغری حماد حسین رحیم شاہ سید، رحمت علی دوست محمد دوستو، کاظم حسین ہزارہ، سجاد علی اور اعجاز احمد شامل تھے، انہوں نے اپنے تحفظات کا اظہار کیا پارٹی (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

مخلوط حکومت میں تعلیم سمیت دیگر شعبوں کی بہتری کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، سردار یعقوب ناصر

پارٹی کے دیرینہ ساتھیوں اور کارکنوں نے ہمیشہ مشکل وقت میں پارٹی کا ساتھ دیا ہے اور اپنے قائدین کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے

پارٹی قائد میاں نواز شریف کی قیادت میں میاں شہباز شریف وزیر اعظم اور مریم نواز پنجاب کی وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے کام کر رہی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر نائب صدر و رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب خان ناصر، صوبائی قائمقام جنرل سیکریٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، رکن قومی اسمبلی اختر بی بی وایم ایس ایف بلوچستان کے صوبائی صدر حیدر خان اچکزئی سمیت دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ ہماری جماعت مخلوط حکومت میں تعلیم سمیت دیگر شعبوں کی بہتری کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے کسی بھی جماعت میں کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں کارکنوں کے مسائل کے حل کیلئے صوبائی رابطہ دفتر کا افتتاح 15 اکتوبر کو ہوگا۔ جس میں صوبائی وزراء کی موجودگی یقینی بنائی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پاکستان مسلم لیگ (ن) (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

بلوچستان پولیس میں غیر جانبدار احتساب مزید موثر بنانے کا فیصلہ

عوامی شکایات کے فوری ازالے کی ہدایت' سنگین نوعیت کے شکایات 'پینل آف انکوائریز کو بھجوانے کا فیصلہ

اس پینل میں اچھی شہرت کے حامل گریڈ 18 سے گریڈ 21 تک کے سینئر PSP افسران شامل ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پولیس نے عوامی شکایات کے مؤثر، شفاف اور بروقت ازالے کو یقینی بنانے اور غیر جانبدار احتساب کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈی آئی جی انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی برانچ (IAB) برکت حسین کھوسہ کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں IAB اور متعلقہ اضلاع کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں عوامی شکایات کے ازالے کے حوالے سے انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی برانچ کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی IAB نے واضح ہدایت دی کہ عوامی شکایات پر مؤثر، شفاف اور بروقت کارروائی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور شکایات کے ازالے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

یونیورسٹی آف لورالائی میں ترکیہ کی ٹیکا کے تعاون سے جدید زیتون کا تیل نکالنے کے یونٹ کی کامیاب تنصیب

طلبہ، اساتذہ اور محققین کیلئے تحقیق و عملی تربیت کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، زیتون کی مصنوعات میں ویلیو ایڈیشن کو فروغ ملے گا

لورالائی (خ ن) یونیورسٹی آف لورالائی میں ترکیہ کے تعاون و رابطہ ایجنسی Turkish) TIKA Coordination and Cooperation Agency) کی جانب سے فراہم کردہ جدید زیتون کا تیل نکالنے کے یونٹ (Oil Olive UnitExtraction) کی کامیابی سے تنصیب کر دی گئی ہے۔ جدید مشینری کی فراہمی اور تنصیب یونیورسٹی میں تحقیق، تدریسی سرگرمیوں، عملی تربیت، جدت، زیتون کی کاشت اور اس سے حاصل ہونے والی مصنوعات میں ویلیو ایڈیشن کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت قرار دی جا رہی ہیو نیورسٹی آف لورالائی کی جانب (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

ملک کے موجودہ حالات کے پیش نظر عوام 17 اکتوبر کے ژوب جلسہ عام میں بھرپور شرکت کریں، پشتونخوا میپ

ژوب (آن لائن) ملک کے موجودہ حالات کے پیش نظر عوام 17 اکتوبر کے ژوب جلسہ عام میں بھرپور شرکت کریں۔ جلسہ سے محمود خان اچکزئی نواب ایاز جوگیزئی خطاب کریں گے ان خیالات کا اظہار پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان صوبائی ایگزیکٹو ممبران حیات میرزئی گل خلجی اقبال بٹے زئی نصیب اللہ خان ایمل شیرانی فضل مندوخیل عبداللہ شاہ شریف درمان اور ایوب خان (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، سیاسی و سماجی رہنما اختر سالار کی جانب سے ریٹائرڈ ہونے والے ٹیچر دوست محمد سرپرہ کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ کے موقع پر گورنمنٹ ملک جان محمد خان کاسی بوائز ہائی سکول کے پرنسپل سید عبدالحمید آغا، اختر سالار، محبوب خان، کریم بخش کے ہمراہ گروپ فوٹو

سریاب تا کچلاک پیپلز ٹرین چلانے کا خیر مقدم کرتے ہیں، جماعت اسلامی

کوئٹہ (آن لائن) سریاب تا کچلاک پیپلز ٹرین چلانے کا خیر مقدم کرتے ہے لیکن اسی روٹ پر کثیر آبادی و بڑے علاقے اسٹیشن اسٹاف سے محروم ہیں۔ حافظ نور علی نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان۔ نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا حافظ نور علی نے کہا کہ موجودہ مہنگائی کے دور میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کوئٹہ میں عوام دوست ٹرین چلانے کا عملی اقدام پر ہم ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں تاہم بلیلی تا کچلاک کے درمیان کثیر آبادی والے علاقے کلی کتیر، کلی ملاخیل کلی اندڑ اباد کلی تاج وال، کلی سملی کلی داوی، کلی شریف، کلی کرک، کلی ملازہ، کلی جمیل اباد، ڈی ایچ اے، کلی علی محمد، کلی صوفی ودیگر گاں پیپلز ٹرین کی سہولت سے محروم ہیں۔ (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

انڈسٹریل پولیس نے قتل کے مقدمے میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا

سول لائن پولیس کو ٹیکسی اسٹینڈ سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی' دریجی' فائرنگ کر کے پولیس اہلکار زخمی

کوئٹہ (آن لائن) انڈسٹریل پولیس نے قتل کے مقدمے میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ روز تھانہ انڈسٹریل کے علاقے ایچ بی ایل چوک کے قریب ایک شخص عبدالخالق نے فائرنگ کر کے زعفران نامی شخص کو زخمی کر دیا پولیس نے واقعہ کی اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچ کر زخمی کو ہسپتال منتقل کیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا پولیس نے ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔ سول لائن پولیس کو ٹیکسی اسٹینڈ سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی پولیس (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن چوہدری نعیم کریم سے صوبائی مشیر ماحولیات نسیم الرحمن ملاخیل تقریب کے موقع پر بات چیت کر رہے ہیں

اے سی لونی کا گرانفروشی اور غیر معیاری اشیا کی فروخت کیخلاف کارروائی جاری رکھنے کا اعلان

سرکاری نرخ نامے کی پابندی اور صفائی و حفظان صحت کے اصولوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے' فتح خان بنگلزئی

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان بنگلزئی نے دکی بازار کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف دکانوں، بیکریوں، نان بائی کی دکانوں، ہوٹلز اور دیگر کاروباری مراکز کا معائنہ کیا دورے کے دوران اشیائے ضروریہ کی قیمتوں، سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد، پرائس لسٹ کی دستیابی اور اسے نمایاں مقام پر آویزاں کرنے، اشیائے خورد و نوش کے معیار، وزن و پیمائش صفائی ستھرائی اور حفظان صحت کے اصولوں سمیت دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان بنگلزئی (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

لورالائی: تنظیم القرآن کے زیر اہتمام قرات کے مقابلے، 80 طلبہ نے حصہ لیا

لورالائی (آن لائن) لورالائی ڈویژن کے مختلف مدارس کے طلبہ کے درمیان تنظیم القرآن مدرسہ کے زیر اہتمام قرات کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈویژن بھر سے 80 طلبہ نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی منصور فاؤنڈیشن کے سربراہ حسن اچکزئی تھے، جبکہ تنظیم القرآن ژوب ڈویژن کے نگران قاری بسم اللہ جان، منصور فاؤنڈیشن کے صوبائی سیکرٹری عبدالہادی ترکئی۔ منصور فاؤنڈیشن کے خادم حاجی عبد الخالق اچکزئی۔ قلعہ (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ریاست اور حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے

بولان میں ہزارہ نوجوانوں پر فائرنگ افسوسناک اور قابل مذمت ہے، کاشف حیدری

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری، ہزارہ ٹاؤن کے تاجر رہنما واحد ہادی، محمد مہدی، عزت اللہ کاظمی، حاجی عبدالحئی، ممبر سپریم کونسل الیاس ہزارہ، ملا مہدی ہزارہ، ناصر علی حیدری، نادر امانی، حفیظ اللہ نظری، زیشان علی، علی حسین، لالا عبدل، محمد علی، منظور حسین، ملا حسین و دیگر نے بولان میں نوجوانوں پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم شہریوں کو فائرنگ کا نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے۔ فائرنگ کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

بولان سے کوئٹہ کی طرف آنے والے ہزارہ نوجوانوں پر قاتلانہ حملہ قابل مذمت ہے، ایچ ڈی پی

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں بولان سے کوئٹہ کی طرف آنے والے ہزارہ نوجوانوں پر قاتلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت اور قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کرتے ہوئے قومی شاہراہوں پر امن و امان کی ناقص صورتحال کو صوبائی حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بدترین ناکامی قرار دیا۔ بیان میں واقعہ کے نتیجے ایک نوجوان کی ہلاکت اور دو نوجوانوں کے زخمی ہونے پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے عوام سے جاری صورتحال کے پیش (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنائی جائے' فضل الرحمٰن کبدانی

رہ جانے والے بچوں کی فوری کوریج اور انکاری خاندانوں کی موثر کاسلنگ یقینی بنانے کا فیصلہ

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی زیر صدارت پولیو SNID ستمبر 2026 مہم کے بعد پوسٹ کمپین ریویو اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر بہادر خان لونی، اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان بنگلزئی، ڈی ایس پی علی حسن، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر جوہر خان شادوزئی، اے ڈی ایم پی پی ایچ آئی راز محمد ناصر، این۔اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر عبدالحمید، ڈی پی او ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر عبداللہ جان، سی سی او سعید احمد، یو سی ایم اوز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ستمبر 2026 کی پولیو مہم کے دوران فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی، بچوں کی کوریج، رہ جانے والے بچوں، انکاری خاندانوں اور فیلڈ میں سامنے آنے والے مسائل کا جائزہ (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اللہ یار اور درگئی ٹریفک حادثات چھ افراد شدید زخمی

تمبو میر اللہ بخش عمرانی کیمپ پر مسلح افراد کی شدید فائرنگ علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار اور درگئی ٹریفک حادثات چھ افراد شدید زخمی ہو گئے تین کی حالت نازک تشویش ناک حالت میں سکھر ریفر پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار پولیس تھانے کی حدود جمالی بائی پاس زیرو پوائنٹ پر دو موٹر سائیکل آپس میں ٹکرانے سے پانچ افراد شدید زخمی ہو گئے جن کو فوری طور پر لیبر ہسپتال ڈیرہ اللہ یار منتقل کر دیا گیا ابتدائی طبی امداد کے بعد تین کی حالت نازک ہونے پر انکو سندھ سکھر ریفر کر دیا گیا جبکہ پولیس تھانہ فرید اباد کی حدود درگئی کے مقام پر ایک نابینا شخص روشن پیچوہا کو ٹریکٹر ٹرالی نے کچل کر بری طرح زخمی کر دیا جس کو سخت تشویش ناک حالت مین سول اسپتال صحبت پور منتقل کر دیا گیا۔ تمبو میر اللہ بخش عمرانی کیمپ پر مسلح افراد کی شدید فائرنگ علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا پولیس کے مطابق تمبو کے علاقے پولیس تھانہ (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

نیشنل بینک گنداواہ میں اے ٹی ایم کی سہولت نہ ہونے کے برابر

عوام، پنشنرز اور سرکاری ملازمین شدید مشکلات کا شکار، اعلیٰ حکام کی عدم توجہی پر سوالات

گنداواہ (این این آئی) نیشنل بینک گنداواہ برانچ میں اے ٹی ایم مشین کی سہولت نہ ہونے کے باعث عوام، سرکاری ملازمین، پنشنرز اور کاروباری حضرات شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ گنداواہ جیسے ضلعی ہیڈ کوارٹر اور اہم تجارتی مرکز میں نیشنل بینک کی موجودگی کے باوجود صارفین کو اے ٹی ایم جیسی بنیادی بینکاری سہولت سے محروم رکھنا شہریوں کے لیے ناقابل فہم اور باعث تشویش ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ موجودہ دور میں اے ٹی ایم مشین کوئی اضافی سہولت نہیں بلکہ بینکاری نظام کی بنیادی ضرورت ہے، مگر نیشنل بینک گنداواہ کے صارفین اس بنیادی سہولت (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، حاجی خان لاشاری

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ایس ایچ او

اوستہ محمد (آن لائن) زورگڑھ پولیس تھانہ کے نئے ایس ایچ او سب انسپکٹر حاجی خان لاشاری نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا اس موقع پر ایس ایچ او حاجی خان لاشاری نے کہا کہ علاقے میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنا اور عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ عوام کی شکایات کے ازالے اور انہیں بروقت انصاف کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جائے گا ایس ایچ او حاجی خان لاشاری نے مزید کہا کہ شہریوں سے اپیل ہے کہ (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن ماتجھی پور احمد میاں گاجانی کا پرائمری سکول نظام الدین شاہ کا اچانک دودہ

صحبت پور (آن لائن) ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن ماتجھی پور احمد میاں گاجانی نے پرائمری سکول نظام الدین شاہ کا اچانک دودہ کیا اور اساتذہ کرام کو حاضر اور مصروف کار پایا اس موقع پر احمد میاں گاجانی نے تمام کلاسز کا تعلیمی جائزہ لیا سکول ریکارڈ چیک کرنے کے بعد (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

گوادر' وائس چانسلر یونیورسٹی آف گوادر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کانسی روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر "روزنامہ عوام" 302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255



کوئٹہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے ترجمان بلوچستان پولیس شہزادہ فرحت، سینئر صحافی افضل مغل اور فرخ شہزاد ملاقات کر رہے ہیں